COLGATE-PALMOLIVE COMPANY

# ضابطۂ اخلاق

## اپنی اقدار کو زندہ رکھنا

ہم

ہم کی طاقت

# ہمارے چیئر مین، صدر اور CEO کی جانب سے ایک پیغام

ہمارے ضابطۂ اخلاق نے کولگیٹ کے افراد کو 30 سالوں سے زیادہ مدت تک رہنمائی فراہم کی ہے جس کے اصولوں میں ہماری اقدار کی عکاسی ہے اور جو ہمارے اخلاقی طور طریق کے لیے ضابطے مقرر کرتے ہیں۔ حالانکہ ہماری اقدار اور ہمارے اصول دائمی ہیں، اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ضابطۂ اخلاق کو باقاعدہ اپ ڈیٹ کیا جاتا ہے کہ یہ ہمارے کاروبار کے تغیّر پذیر سیاق کا احاطہ کرتا ہو۔ اس سے قطع نظر کہ دنیا میں ہم کس جگہ پر کام کرتے ہیں، کولگیٹ کے افراد کی حیثیت سے ہمارا کام اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ ہمارے طور طریق اور فیصلے ہمیشہ ہمارے ضابطہ کے مطابق ہوں۔

یہ سال اپنے ساتھ نئے چیلنجز اور مواقع لے کر آیا جنھوں نے ہمارے کام کرنے کے انداز سمیت ہماری زندگیوں کے تمام پہلوؤں کو متاثر کیا۔ ہم جس انداز میں چیزوں کو انجام دیتے ہیں ریموٹ ورک اس کا ایک اہم عنصر برقرار رہے گا۔ لیکن فاصلوں کو ہم اخلاقی رویوں کے تئیں اپنے مشترکہ عزم کو متاثر کرنے کی اجازت نہیں دے سکتے۔ کولگیٹ کے افراد سے ہمارے ضابطہ کو پڑھنے، سمجھنے اور اس کی مکمل تعمیل کرنے کی توقع کی جاتی ہے۔ آپ سے ہمارے ضابطۂ اخلاق، ہماری پالیسیوں یا قابل اطلاق قوانین سے متصادم طور طریق کے خلاف "آواز اٹھانے" اور انہیں چیلنج کرنے کی بھی کی توقع کی جاتی ہے۔ یہ عزم اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ کام کی جگہ پر ہمارے تمام تر فیصلے – یا ایسے نجی فیصلے جو ہمارے کام کو متاثر کرتے ہیں – ان کی بنیاد راست بازی اور اعلیٰ ترین اخلاقی معیاروں کو برتنے کی ہماری ذمہ داری پر قائم ہو۔

کولگیٹ کے افراد کامیاب ہونا چاہتے ہیں کیوں کہ ہمارا مقصد اتنا اہم ہے: ہم تمام لوگوں، ان کے پالتو جانوروں اور اپنے کرۂ ارض کے لیے ایک زیادہ صحت مند مستقبل کا دوبارہ تصور کر رہے ہیں۔ ہمیں اپنے کاروبار کے نتائج پر اور جس انداز میں ہم ان نتائج کو حاصل کرتے ہیں اس پر بہت فخر ہوتا ہے۔ ایک عالمی کمپنی کی حیثیت سے جو کہ ایک انتہائی مسابقتی بازار میں کاروبار کر رہی ہو کاروباری دباؤ معمول کا حصّہ ہے۔ لیکن سطحی مصنوعات تیار کرنے یا ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی کرنے کے لیے ہر گز کوئی جواز نہیں ہے۔

ہماری اقدار کو قائم رکھنے اور اعلی ترین اخلاقی معیاروں کے ساتھ ہمارے مقصد کو فروغ دینے کی غرض سے پُرعزم ہونے کے لیے آپ کا پیشگی شکریہ جو کہ ہمارے کاروبار کی مسلسل کامیابی کے لیے انتہائی ضروری ہیں۔

"ہماری کامیابی کا راز درست انداز میں چیزوں کو انجام دے کر اعلی ترین اخلاقی معیار قائم رکھنے کی ہماری صلاحیت میں مضمر ہے۔"



نوئیل ویلیس [Noel Wallace]
چیئر مین، صدر اور CEO

# فہرست مشمولات


ضابطۂ اخلاق کے بارے میں 4

اخلاقی فیصلہ سازی کی بنیادی باتیں 5

کاروباری طریق کار کے رہنما خطوط 6

ہمارا مقصد اور ہماری اقدار 7

ضابطۂ اخلاق سے متعلق ہماری ذمہ داری 9

**ہمارے تعلّقات**

ایک دوسرے کے ساتھ ہمارا تعلق 11

کمپنی کے ساتھ ہمارا تعلق 14

خارجی کاروباری اداروں کے ساتھ ہمارا تعلق 24

صارفین کے ساتھ ہمارا تعلق 27

قانون کے ساتھ ہمارا تعلق 30

معاشرے کے ساتھ ہمارا تعلق 38

ماحول کے ساتھ ہمارا تعلق 41

اپنے حصص برداروں کے ساتھ ہمارا تعلق 43

**آواز اٹھائیں**

آواز اٹھانے سے متعلق ہماری ذمہ داری 47

# ضابطۂ اخلاق کے بارے میں

ہمارا ضابطۂ اخلاق یہ یقینی بنانے کے لیے ایک اہم وسیلے کے بطور کام کرتا ہے کہ ہمارے روزمرہ کے کاروباری معاملات راستبازی کے ساتھ انجام پاتے ہوں۔ ضابطہ ہذا واضح طور پر ہم سبھی کو بتاتا ہے کہ ہمارے کاروباری نتائج حاصل کرنے کا انداز اہمیت رکھتا ہے۔ ضابطہ ہذا کولگیٹ کے سبھی افراد، بشمول کمپنی اور اس کے ذیلی اداروں کے ڈائریکٹرز، کارپوریٹ افسران اور سبھی ملازمین پر لاگو ہوتا ہے۔ وینڈرز اور سپلائرز بھی ان ہی تقاضوں کے پابند ہیں، کیونکہ کولگیٹ کے تیسرے فریق کے لیے ضابطۂ اخلاق کی تعمیل کولگیٹ کے ساتھ کاروبار انجام دینے کی ایک شرط ہے۔


ہر ملازم ضابطہ، کاروباری طریق عمل کے رہنما خطوط، کمپنی کی پالیسیوں اور سبھی قابل اطلاق قوانین کی تعمیل کرنے کا ذمہ دار ہے۔ اپنے رواں کاروباری تعلقات اور فیصلہ سازی میں اخلاقیات اور راستبازی کو پوری طرح سے ضم کر کے، ہم اعلیٰ ترین اخلاقی معیارات کو فروغ دینے والی ثقافت کے تئیں عہد بستگی کا اظہار کرتے ہیں۔

کولگیٹ نامناسب یا غیر قانونی طور طریق سے پاک ایک ایسی جائے کار تخلیق کرنے کے لیے پابند عہد ہے جس میں لوگوں کو انتقامی کارروائی کے خوف کے بغیر کمپنی کے ساتھ اپنی تشویشات شیئر کرنے کا حوصلہ ملے۔ کولگیٹ میں، کمپنی کے ضابطۂ اخلاق، کمپنی کی پالیسی یا قابل اطلاق قانون کی مشتبہ خلاف ورزی کے بارے میں شکایت درج کروانے، اس کی اطلاع دینے، اس کی تفتیش میں شرکت کرنے یا اس میں اعانت کرنے پر کسی ملازم، سابق ملازم، ایجنٹ یا تیسرے فریق کے خلاف کوئی مخالفانہ کارروائی نہیں کی جائے گی، الّا یہ کہ عائد کردہ الزام یا فراہم کردہ معلومات کو ارادتاً جھوٹا پایا جائے یا وہ نیک نیتی پر مبنی نہ ہوں۔ زیادہ سے زیادہ ممکنہ حد تک، کولگیٹ سبھی شکایات کی رازداری کو برقرار رکھے گی۔ انتقامی کارروائی کے سبھی الزامات کی تفتیش کی جائے گی، اور مناسب ہونے پر، برخاستگی تک اور اس سمیت، انضباطی کارروائی کی جائے گی۔

ضابطہ ہذا آن لائن دستیاب ہے اور بیالیس زبانوں میں اس کا ترجمہ کیا گیا ہے۔ کولگیٹ کے افراد سے ضابطہ کو پڑھنے، سمجھنے اور اس کی تعمیل کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔ ہماری عہد بستگی کو جاگزیں کرنے کے لیے، کولگیٹ کے افراد ضابطے کی جاری تربیت حاصل کرتے ہیں اور سالانہ بنیاد پر ضابطہ کی اپنی تعمیل کی تصدیق کرتے ہیں۔

# اخلاقی فیصلہ سازی کی بنیادی باتیں

اچھی سمجھ بوجھ استعمال کر کے اور سوالات پیدا ہونے پر رہنمائی طلب کر کے ضابطہ کی تعمیل کو یقینی بنانا آسان تر ہے۔ اگر کسی مخصوص عمل کے بارے میں آپ کو یقین نہیں ہے تو، خود سے درج ذیل باتیں پوچھیں:




اگر آپ کے ضابطہ ہذا، کاروباری طریق کار کے رہنما خطوط یا کسی متعلقہ کولگیٹ کی پالیسی یا طریقۂ کار کی تشریح یا تعمیل کے بارے میں کوئی سوالات یا تشویشات ہوں تو، آپ کو اپنے مینیجر، ہیومن ریسورسز، گلوبل لیگل آرگنائزیشن یا گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس سے اس صورتحال پر گفتگو کرنی چاہیے۔

# کاروباری طریق کار کے رہنما خطوط

کولگیٹ کے کاروباری طریق کار کے رہنما خطوط (BPGs) ملازمین کے لیے ایک وسیلہ ہیں جنہیں کمپنی کے متعلقہ رہنما خطوط، معیاروں، پالیسیوں اور معمولات کے بارے میں مزید اور زیادہ تفصیلی ہدایات فراہم کرنے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ BPGs کا اطلاق کولگیٹ کے سبھی افراد، بشمول کمپنی اور اس کے ذیلی اداروں کے ڈائریکٹرز، کارپوریٹ افسران اور جملہ ملازمین پر ہوتا ہے۔

اگر آپ کے پاس BPGs، یا کسی بھی متعلقہ پالیسیوں یا قابل اطلاق قوانین سے متعلق سوالات یا شبہات ہوں تو آپ کو گلوبل لیگل آرگنائزیشن یا گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس، ہیومن ریسورسز یا اپنے مینیجر سے رابطہ کرنا چاہیے۔

مزید معلومات کے لیے، کولگیٹ کے **افراد یہاں کاروباری طریق کار کے رہنما خطوط** تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

# ہمارا مقصد اور ہماری اقدار

# کولگیٹ کی ثقافتی عمارت

## مقصد: ہم کیوں موجود ہیں

ہم کولگیٹ، ایک خیال رکھنے والی جدت پسند ترقی پذیر کمپنی ہیں جو تمام لوگوں، ان کے پالتو جانوروں اور اپنے کرۂ ارضی کے لیے ایک زیادہ صحت مند مستقبل کا دوبارہ تصور کر رہے ہیں۔

## اقدار: ہم کون ہیں

**ہم ہمدرد ہیں**
ہم لوگ دنیا کو ایک بہتر جگہ بنانے کے لیے متحد ہیں

**ہم شمولیت پسند ہیں**
ہم سبھوں کے لیے شمولیت کا ایک احساس پیدا کرتے ہیں

**ہم جُرأت مَند ہیں**
ہم تبدیلی کی تحریک فراہم کرتے ہیں ور اپنا کام پورا کرتے ہیں

## قیادت کے اصول: ہم کس طرح قیادت کرتے ہیں

### اعتماد کی آبیاری کرنا
- ہمدردی کے ساتھ سننا
- صاف گوئی سے کام لینا
- مل جل کر ترقی کرنا

### مستقبل تخلیق کرنا
- اپنے تجسس کی پیروی کرنا
- ہمت کے ساتھ تبدیل کرنا
- پیشرفت تسلیم کرنا

### اثر ڈالنے کا عزم
- وضاحت فراہم کرنا
- ذمہ داری قبول کرنا
- وہ کرنا جو درست ہے

## F.E.E.D.: ہم لوگ کس طرح کام کرتے ہیں

### مرکوز (Focused)
ہماری اسٹریٹجک ترجیحات پر

### با اختیار (Empowered)
اور ذمہ دار ٹیمیں

### تجرباتی (Experimental)
اختراع اور آموزش کی رفتار تیز کرنے کے لیے

### ڈیجیٹل (Digital)
مربوط اور ڈیٹا سے تحریک یافتہ

# ضابطۂ اخلاق سے متعلق ہماری ذمہ داری

## کولگیٹ کے تمام افراد کا کردار:

- کولگیٹ کی اقدار کا مظاہرہ کریں
- اعلیٰ اخلاقی معیارات کو برقرار رکھنا اور اخلاقی قیادت کا مظاہرہ کرنا۔
- خود کو کولگیٹ کی پالیسیوں، کاروباری طریق کار کے رہنما خطوط اور ضابطۂ اخلاق سے مانوس بنائیں اور ان کی تعمیل کریں۔
- اخلاقی طرز عمل کے لیے خود کو اور اپنے ساتھیوں کو جوابدہ ٹھہرائیں۔ ایسے طرز عمل کو چیلنج کریں جو کولگیٹ کی پالیسیوں یا ضابطۂ اخلاق سے متصادم ہو۔
- ایسے ساتھیوں کے خلاف ہر گز انتقائی کارروائی نہ کریں جو کسی بھی مسئلہ یا تشویش کے بارے میں آواز اٹھاتے ہیں۔
- اگر آپ کو یقینی طور پر معلوم نہ ہو تو اپنے مینیجر، ہیومن ریسورسز، گلوبل لیگل آرگنائزیشن یا ایتھکس اینڈ کمپلائنس سے رجوع کریں۔

## کولگیٹ کے افراد کے مینیجران کا کردار:

ہم کولگیٹ کے افراد کے مینیجران سے مثال قائم کر کے اور زبردست فیصلہ سازی کا مظاہرہ کرکے ذمہ دارانہ انداز میں قیادت فراہم کرنے کی توقع کرتے ہیں۔ کولگیٹ کے افراد کے مینیجران کی حیثیت سے آپ کے فرائض میں درج ذیل چیزیں شامل ہیں:

- راست بازی کے ساتھ کام کرکے، دوسرے کے ساتھ احترام کا معاملہ کر کے اور اعلی ترین اخلاقی معیاروں کے ایک رول ماڈل کے طور پر خدمت فراہم کرکے درست مثال قائم کرنا۔
- اخلاقی قدروں اور اخلاقی طور طریق کے تئیں کمپنی کی عہد بستگی کی اہمیت پر زور دینا۔
- ایک اوپن-ڈور پالیسی برقرار رکھنا۔
- کام کا ایک مثبت ماحول تخلیق کرنا جہاں آپ کی ٹیم تشویشات اجاگر کرنے، مشورہ طلب کرنے یا مشتبہ غلط کاری کی اطلاع دینے کے لیے آپ تک آنے میں آرام دہ محسوس کرے۔
- کمپنی کی عدم انتقام کی پالیسی پر زور دینا۔
- اگر آپ کو یقینی طور پر معلوم نہ ہو تو اپنے مینیجر، ہیومن ریسورسز یا گلوبل لیگل آرگنائزیشن یا ایتھکس اینڈ کمپلائنس سے رجوع کریں۔

# ایک دوسرے کے ساتھ ہمارا تعلق

## ہم کامیاب کاروباری تعلقات قائم رکھنے کی جدوجہد کرتے ہیں

ہم لوگ کمپنی کی اقدار کا مظاہرہ کر کے، اور احترام کی ایک ثقافت کو برقرار رکھ کر کامیاب اور دائمی تعلقات کی تعمیر کرتے ہیں۔

کولگیٹ میں، ہم اپنے لوگوں کی مضبوط شخصی عہد بستگی پر فخر کرتے ہیں۔ اس درجہ عہد بستگی صرف اعتماد، واضح اور ایماندارانہ مواصلت اور احترام کی فضا میں ہی حاصل ہو سکتی ہے۔ آپ کے ہم عصروں، آپ کے براہ راست ماتحتوں اور آپ کے سپروائزروں کے ساتھ آپ کے سبھی معاملات ایک اتحاد کے بطور انجام پانے چاہئیں، جس میں ہر ایک فرد کا طرز عمل ہماری اقدار اور اعلیٰ ترین اخلاقی معیارات کو برقرار رکھنے کے لیے ایک انتہائی مضبوط عہد بستگی کے تابع ہوتا ہے۔

ہم ایسی افرادی قوت کا جشن مناتے ہیں جو اس دنیا کی تکثیریت کی عکاسی کرتی ہو جس کو ہم خدمات فراہم کرتے ہیں۔ ہم ان بہت ساری مضبوطیوں اور صلاحیتوں کو تسلیم کرتے ہیں جو کہ ہماری تکثیری افرادی قوت تنظیم کو فراہم کرتی ہے۔ اس کا مطلب دیگر نظریات کو قبول کرنے والا ہونا اور ان ثقافتوں، افکار یا طرز زندگی کا احترام کرنا ہے جو کہ آپ سے مختلف ہو سکتے ہیں۔

نفاست، شفافیت اور راستبازی کی ایک مثال قائم کرکے ان لوگوں کے ساتھ آپ کے رشتے سے اخلاقی طور طریق کا فروغ ہونا چاہیے جن کے ساتھ آپ کام کرتے ہیں۔ بطور قائدین، ہم سب کارکردگی کے اعلیٰ معیارات برقرار رکھنے اور ٹیم ورک، محترم جائے کار اور اخلاقی طور طریق کو فروغ دینے والا ماحول تخلیق کرنے کے لیے ذمہ دار ہیں۔

## ہم کولگیٹ کے لوگوں کی قدر کرتے ہیں

ہمارے لوگوں کے تئیں کولگیٹ کی عہد بستگی کو انفرادی اور اجتماعی حصولیابی کو فروغ دینے اور ان کا انعام دینے کے لیے وضع کردہ متعدد پروگراموں کی معرفت ظاہر کیا گیا ہے۔ اپنی پوری صلاحیت کو بروئے کار لانے اور کمپنی کی کامیابی میں ایک بامعنی تعاون پیش کرنے کے لیے آپ کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ آخر میں، یہ ہم کی طاقت ہے جو ہماری کمپنی کی کامیابی کو ممکن بناتی ہے۔

*کولگیٹ-پامولیو کمپنی درج ذیل بنیادوں پر کسی بھی ملازم یا ملازمت کے درخواست کنندہ کے ساتھ امتیاز برتنے کو ممنوع قرار دیتی ہے:*

- ✔ نسل یا نسلیت
- ✔ رنگ
- ✔ مذہب
- ✔ صنف یا صنفی شناخت
- ✔ قومی بنیاد
- ✔ شہریت
- ✔ عمر
- ✔ حمل
- ✔ جنسی میلان
- ✔ معذوری
- ✔ سابق فوجی کی حیثیت
- ✔ ازدواجی یا عائلی حیثیت
- ✔ خانگی تشدد کے ایک شکار کی حیثیت
- ✔ کوئی دیگر خصوصیات جو از روئے قانون تحفظ یافتہ ہوں

اس میں تقرری، اجرت پر رکھنا، ترقی، ٹرانسفر، معاوضہ، تربیت، تنزلی یا برخاستگی شامل ہے، لیکن یہ انہی تک محدود نہیں ہے۔

کولگیٹ کے افراد اضافی معلومات **کمپنی کی ملازمت کا مساوی موقع اور ایذا رسانی مخالف پالیسی** سے ourcolgate.com پر رجوع کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔

شمولیت کی قدر کی عکاسی ہماری کمپنی کی ثقافت، طریق عمل اور کام کی جگہ پر احترام کی پالیسیوں میں ہوتی ہے۔ ہم کام کرنے کا ایک جامع ماحول برقرار رکھتے ہیں اور ہر پس منظر سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو اپنی ملازمت کی طرف راغب کر کے اور انہیں اس میں برقرار رکھ کر سربلندی حاصل کرتے ہیں۔ ہماری کمپنی تکثیریت کی قدر کرتی ہے اور ہم لوگ کام کی ایک ایسی جگہ کے تئیں پابند عہد ہیں جہاں ملازمین کے ساتھ انتظامیہ اور ساتھی کارکنان دونوں کے ذریعہ برابری اور انصاف کا معاملہ ہو اور اپنے افکار و خیالات کے اظہار کے لیے ان کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ ہم اپنے سبھی ملازمین سے ایک ایسی ثقافت کے تئیں ہمارے التزام کو برقرار رکھنے کی توقع کرتے ہیں جہاں باعزت طرز عمل معمول ہو۔

**تکثیریت، مساوات اور شمولیت پر کمپنی کی رپورٹ** ملاحظہ کرکے تکثیریت سے متعلق ہمارے اقدامات کے بارے میں مزید جانکاری حاصل کریں۔

- قابل اطلاق قانون کی تعمیل کے تحت ہم جائے کار میں یا کمپنی کا کام انجام دیتے وقت کسی بھی شخص کے ذریعہ کولگیٹ کے افراد یا کولگیٹ کے ساتھ کاروبار کرنے والی تھرڈ پارٹیوں کے تئیں جنسی یا کسی بھی قسم کی ایذا رسانی کو ممنوع قرار دیتے ہیں۔
- ہم کمپنی کی پالیسیوں اور اسالیب کار کے مطابق جائے کار میں جانبداری یا جانبداری کے ظہور کو ممنوع قرار دیتے ہیں۔
- ہم بچہ مزدوری کا استعمال نہیں کرتے ہیں۔ بچہ مزدوری کی تعریف یوں بیان کی گئی ہے زیر بحث دائرۂ اختیار میں قانون کے ذریعہ مجاز کم از کم عمر سے چھوٹے شخص کو ملازمت پر رکھنا۔ تاہم، کسی بھی صورت میں ہم جان بوجھ کر سولہ (16) سال سے کم عمر کے کسی بھی فرد کو ملازمت پر نہیں رکھیں گے۔
- ہم جائے کار سے ممکنہ خطرات کا خاتمہ کرنے اور سبھی قابل اطلاق پیشہ ورانہ سلامتی و صحت کے قوانین اور معیارات کی تعمیل کرنے کی جدوجہد کرتے ہیں۔
- ہم کمپنی کی املاک (گاڑیوں سمیت) یا وقت میں غیر قانونی منشیات یا نشہ آور اسباب اپنے پاس رکھنے، استعمال کرنے، بیچنے یا منتقل کرنے نیز نسخہ پر ملنے والی دوا کے بیجا استعمال کو ممنوع قرار دیتے ہیں؛
- ہم الکحل یا دیگر منشیات کے زیر اثر رہتے ہوئے کمپنی کا کاروبار انجام دینے کو ممنوع قرار دیتے ہیں؛
- ہم اس امر کا تقاضا کرتے ہیں کہ جائے کار میں منشیات یا الکحل کے بیجا استعمال، کمپنی کی املاک اور وقت میں تشدد یا غیر قانونی ہتھیار رکھنے کے کسی بھی واقعہ کی اطلاع فوری طور پر ہیومن ریسورسز، گلوبل سیکورٹی، گلوبل لیگل آرگنائزیشن، گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس یا انتظامیہ کو دی جائے۔
- ہم کمپنی کے احاطوں میں یا کولگیٹ کا کاروبار انجام دیتے وقت، مقامی قانون کے بموجب، ہتھیار/آتشیں اسلحے، دھماکہ خیز آلات یا گولہ بارود اپنے پاس رکھنے یا استعمال کرنے کو ممنوع قرار دیتے ہیں۔ سیکورٹی اہلکار کے لیے ہتھیار رکھنے کی اجازت دی جا سکتی ہے اس صورت میں جب کہ اسے اپنے پاس رکھنا کولگیٹ اور افراد کی سلامتی اور سیکورٹی کو مامون بنانے کے لیے لازمی خیال کیا جائے؛
- ہم کسی بھی ایسے کام کو ممنوع قرار دیتے ہیں جسے جارحانہ، دھمکی آمیز، حقارت آمیز، غنڈہ گردی تصور کیا جا سکتا ہو یا جو دیگر فرد کے لیے غیر محفوظ ہونے کا احساس پیدا کر سکتا ہو۔

اگر آپ کے پاس دھمکیوں یا تشدد کے ایسے اعمال سے متعلق تشویشات ہوں جو کہ جائے کار کو متاثر کرتے ہیں تو گلوبل سیکورٹی سے درج ذیل نمبر پر فوراً رابطہ کریں:
+1 212-310-3333

# کمپنی کے ساتھ ہمارا تعلق

ان تمام حالات میں راست بازی اور ایمانداری کے ساتھ کام کرکے ہم مضبوط سے مضبوط تر ہوتے ہیں جن میں ہم کمپنی کی طرف سے شامل ہوتے ہیں۔

## ہم مفادات کے تصادم سے احتراز کرتے ہیں

آپ کی سمجھ بوجھ آپ کا انتہائی گراں قدر اثاثہ ہے۔ آپ کو کسی بھی ایسی سرگرمی یا وابستگی سے احتراز کرنا چاہیے جو که کمپنی کے لیے یا کمپنی کے ساتھ کاروبار انجام دینے میں آپ کی معروضیت اور فہم کے آزادانہ استعمال سے متصادم ہو یا بظاہر ایسا محسوس ہوتا ہو۔ تصادم بہت سارے حالات میں پیش آ سکتے ہیں۔ یہاں پر ان سبھی کا احاطه کرنا ممکن نہیں ہے، اور مناسب و نامناسب سرگرمی کے بیچ فرق کرپانا ہمیشه آسان نہیں ہو گا۔ شبه ہونے پر، کوئی اقدام کرنے سے پہلے اپنے مینیجر، ہیومن ریسورسز، گلوبل لیگل آرگنائزیشن، یا گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس سے رجوع کریں۔

## سرمایه کاریاں

کوئی بھی ایسی سرمایه کاری نه کریں جو آپ کے کاروباری فیصلوں پر اثر انداز ہو سکتی ہو۔ کمپنی کی پالیسی کولگیٹ کے افراد کو کولگیٹ کے ساتھ مقابله آرا یا کاروبار کرنے والی کمپنی میں بڑی مقدار میں حصص لینے یا مالکانه مفاد رکھنے کو ممنوع قرار دیتی ہے۔ یه ممانعت عوامی طور پر زیر تجارت کمپنی کے اسٹاک کی معمولی تعداد (عام طور پر 1% سے کم) کی ملکیت رکھنے پر لاگو نہیں ہوتی ہے، بشرطیکه وہ سرمایه کاری مالی اعتبار سے اتنی بڑی قدر کی نه ہو جس سے مفاد کے تصادم کا ظہور وجود میں آتا ہو۔ اگر آپ نے کولگیٹ میں شامل ہونے سے پہلے امکانی طور پر ممنوعه سرمایه کاری کی ہو تو، برائے مہربانی گلوبل لیگل آرگنائزیشن یا گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس سے رابطه کریں۔

## کنبه

آپ خود کو ایسی حالت میں پا سکتے ہیں جس میں آپ کی زوجه یا کنبه کا کوئی اور قریبی فرد کولگیٹ کا مسابقت کار، گاہک یا سپلائر ہو (یا ان کا ملازم ہو)۔ ایسے حالات ممنوع نہیں ہیں، لیکن ممکنه سیکورٹی، رازداری اور مفاد کے تصادم کی تشویشات سے نمٹنے کے لیے اضافی حساسیت کے متقاضی ہیں۔ یه حالت، اس سے قطع نظر که وہ آپ کو بظاہر بے ضرر معلوم پڑتی ہو، آپ کے ساتھیوں میں تشویشات کی موجب ہو سکتی ہے جو آپ کے کام کے تعلقات کو متاثر کر سکتی ہے۔ آپ کے شائسته طور طریق سے قطع نظر، محض مفاد کے تصادم کا ظہور ہی مسائل پیدا کر سکتا ہے۔

اس طرح کے مسائل سے بچنے کے لیے، آپ کو اپنے مینیجر، گلوبل لیگل آرگنائزیشن یا گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس کے ساتھ مل کر اپنی مخصوص حالت کا جائزہ لینے کی ضرورت ہوتی ہے تاکه کسی تشویشات کی نوعیت اور وسعت کا تخمینه لگایا جا سکے اور درست حل کا تعین کیا جا سکے۔

## دیگر کام

کولگیٹ کے لیے کام کرنے کے دوران، کولگیٹ کے افرد کے لیے کسی مسابقت کار یا کسی تھرڈ پارٹیوں کے لیے جن کے ساتھ ہم کاروبار کرتے ہیں کام کرنا یا انہیں مدد فراہم کرنا جائز نہیں ہے۔ اضافی طور پر، اپنے ڈویژن کے صدر یا فنکشن کے سربراہ کی اجازت کے بغیر کولگیٹ میں اپنے کام سے تعلق نه رکھنے والے خارجی کام کے لیے کمپنی کے وقت، سہولیات، وسائل، برانڈز یا لوگوز کا استعمال نه کریں۔

## ذاتی

کولگیٹ ان لوگوں کے ساتھ آزادانہ تعلق قائم کرنے کے لیے کولگیٹ کے افراد کے حقوق کا اقرار اور احترام کرتی ہے جن سے جائے کار میں ان کا سابقہ پڑتا ہے۔ تاہم، شخصی تعلقات مفاد کا تصادم پیدا کر سکتے ہیں، اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ہمیں لازماً اچھی سمجھ بوجھ اور بصیرت کا استعمال کرنا چاہیے کہ وہ تعلقات:

- کام میں کارکردگی کو منفی انداز میں متاثر نہ کرتے ہوں
- دیگر لوگوں کی نگرانی کرنے کی صلاحیت میں رکاوٹ نہ ڈالتے ہوں
- کام کے ماحول کو بگاڑتے نہ ہوں
- جانب داری کا تاثر پیدا نہ کرتے ہوں

ملازمین کے بیچ رومانی تعلق یا دوستی سے پیدا شدہ جائے کار کا برتاؤ نامناسب ہو سکتا ہے اگر اس برتاؤ سے دوسروں کے لیے کام کرنے کا تکلیف دہ ماحول یا جانبدارانہ برتاؤ کا تصور پیدا ہوتا ہو۔ جانبداری یا کمپنی کے بہترین مفادات کی بجائے رومانی تعلقات یا دوستی کی بنیاد پر کاروباری فیصلے کرنا ممنوع ہے۔

اس کے علاوہ، کسی سپروائزر کے لیے یا کسی بھی ایسے شخص کے لیے جو کسی اہم منصب پر فائز ہو کسی ماتحت کے ساتھ عشق لڑانا مناسب نہیں ہے۔ ما تحت افراد کے ساتھ عشق لڑانا معاوضہ، ترقیوں، ملازمت کی ذمہ داریوں، شفٹ تفویض کرنے، اوورٹائم یا ٹریننگ کے مواقع جیسے معاملات کے بارے میں غیر جانبدار ہونے کی آپ کی صلاحیت کو کمزور کر سکتے ہیں۔ ایسی صورتحال میں، دونوں ملازمین کو صورتحال کی اطلاع ہیومن ریسورسز یا گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس کو دینا ضروری ہے۔ اگر آپ کسی ایسے معاشقہ سے واقف ہیں جسے ایک تصادم تصور کیا جا سکتا ہے تو براہ کرم ہیومن ریسورسز یا گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس سے رابطہ کریں۔

## بورڈز

برائے مہربانی کسی منفعتی یا سرکاری ایجنسی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز یا اسی طرح کے ادارے میں خدمت انجام دینے پر رضامند ہونے سے قبل چیف ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسر اور چیف لیگل آفیسر سے منظوری حاصل کریں۔

آپ کو کسی غیر منفعتی تنظیم کے بورڈ میں خدمت انجام دینے کے لیے منظوری حاصل کرنے کی ضرورت نہیں ہے، الّا یہ کہ اس تنظیم کا کمپنی کے ساتھ کوئی پیشہ ورانہ یا کاروباری تعلق ہو، ایسی صورت میں اپنے ڈویژن کے صدر یا فنکشن کے سربراہ کی منظوری حاصل کریں۔

اگر آپ کے سوالات ہوں یا خود کو مفاد کے کسی ممکنہ تصادم کی حالت میں پاتے ہوں تو اپنے مینیجر، ہیومن ریسورسز، گلوبل لیگل آرگنائزیشن یا گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس سے صلاح لیں۔ کمپنی اس صورتحال کا ازالہ کرنے اور ایک مناسب حل کی نشان دہی کرنے کے لیے آپ کے ساتھ کام کرے گی۔

کولگیٹ کے افراد مفادات کے تصادم اور تحائف سے متعلق کمپنی کے رہنما خطوط سے رجوع کر کے اضافی معلومات حاصل کر سکتے ہیں جو کہ **کاروباری طریق کار کے رہنما خطوط** سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

## ہم کمپنی کی حقِ ملکیت کی معلومات کا تحفظ کرتے ہیں

کولگیٹ کی حقِ ملکیت کی معلومات ایک گراں قدر اثاثہ ہیں۔ حقِ ملکیت کی معلومات وہ معلومات ہوتی ہیں جن کا استعمال کولگیٹ کے کاروبار کے تعلق سے ہوتا ہے جو کہ عام طور پر معلوم نہیں ہوتی ہیں یا آسانی سے دریافت نہیں ہو پاتی ہیں اور مسابقت کے لحاظ سے حساس ہوتی ہیں۔ حقِ ملکیت کی معلومات کا تحفظ ہماری مسلسل ترقی اور مقابلہ آرائی کی اہلیت میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

## حقِ ملکیت کی معلومات کی کچھ مثالیں کیا ہیں؟

مکمل نہ ہوتے ہوئے بھی، یہ فہرست معلومات کی ان وسیع اقسام کی مثالیں فراہم کرتی ہے جن کی نگہبانی کی ضرورت ہوتی ہے۔

- کاروبار کے مقاصد یا حکمت عملیاں
- ملازمین، گاہکوں، صارفین، پیشہ وران یا وینڈرز کی فہرستیں
- پیٹنٹ کی درخواستیں
- غیر عوامی مالی معلومات
- مصنوعات کے فارمولے
- مینوفیکچرنگ کے طریق ہائے کار
- مارکیٹنگ یا سیلز کا کسی بھی قسم کا غیر جاری شدہ مواد
- اندرونی معلومات جن کو منظر عام پر نہ لایا گیا ہو

## کولگیٹ کی حقِ ملکیت کی معلومات کے تعلق سے آپ کی ذمہ داریاں حسب ذیل ہیں:

**کریں**

- کولگیٹ کی حقِ ملکیت کی معلومات کے تحفظ کے لیے معقول اقدامات کرنا۔
- حقِ ملکیت کی دستاویزات پر رازدارانہ یا حقِ ملکیت کا نشان لگانا۔
- حقِ ملکیت کی معلومات پر ایلیویٹرز، مشترک علاقوں یا دیگر عوامی جگہوں میں بات چیت کرنے میں احتیاط برتنا۔

**نہ کریں**

- حقِ ملکیت کی معلومات کا افشاء کولگیٹ کے دیگر افراد یا تیسرے فریقوں پر، سوائے اس صورت کے جو "جاننے کی ضرورت" یا "استعمال کرنے کی ضرورت" پر مبنی ہو۔
- مناسب منظوری کے بغیر اور کسی مناسب رازداری معاہدہ کی عدم موجودگی میں حق ملکیت کی معلومات پر کارروائی کے لیے تھرڈ پارٹیوں کو شامل کرنا۔
- عوامی طور پر دستیاب ویب سائٹوں یا سوشل میڈیا کی سائٹوں پر حقِ ملکیت کی معلومات پوسٹ کرنا یا ان پر بات چیت کرنا۔
- حقِ ملکیت کی معلومات کا خود اپنے فائدے یا کولگیٹ سے باہر کے شخص کے غیر مجاز فائدے کے لیے استعمال کرنا۔
- حقِ ملکیت کی معلومات کانفرنس رومز یا بغیر تالا والے دفاتر میں چھوڑنا۔

اگر آپ کولگیٹ چھوڑ جاتے ہیں تو کولگیٹ کی حقِ ملکیت کی معلومات کے تحفظ کی آپ کی جوابدہی برقرار رہتی ہے۔ آپ کو یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ مراسلت، مطبوعہ مواد، الیکٹرانک معلومات، کسی بھی قسم کی دستاویزات یا ریکارڈز، مخصوص طریقہ کار کا علم، اور اسالیب کار - چاہے خفیہ ہوں یا نہ ہوں - یہ سبھی کمپنی کی املاک ہیں اور انہیں کولگیٹ میں ہی رہنا چاہیے۔ اگر آپ کمپنی چھوڑ کر جاتے ہیں تو اپنی ملکیت، تحویل یا کنٹرول میں موجود کمپنی کی سبھی املاک واپس کرنا ضروری ہے۔ اگر اس ضمن میں آپ کے سوالات ہیں کہ آیا معلومات حقِ ملکیت کی ہیں تو آپ کو گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے رابطہ کرنا چاہیے۔

کولگیٹ کے افراد کمپنی کے حقِ ملکیت کی معلومات کے تحفظ سے متعلق رہنما خطوط سے رجوع کرکے اضافی معلومات حاصل کر سکتے ہیں جو کہ **کاروباری طریق کار کے رہنما خطوط** سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

## ہم پریس اور میڈیا کی درخواست کی پالیسیوں کی پابندی کرتے ہیں

کولگیٹ کے افراد کو میڈیا، پریس، مالی کمیونٹی یا عوام کی ایسی درخواستوں یا پوسٹوں کا جواب نہیں دینا چاہیے جو آپ سے کولگیٹ کی جانب سے بات کرنے کو کہیں۔

- میڈیا، پریس، مالی کمیونٹی یا عوام کی طرف سے انٹرویوز یا استفسارات کی درخواستوں کو لازماً کارپوریٹ کمیونیکیشنز یا انویسٹر ریلیشنز کا حوالہ دینا چاہیے۔
- سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن، نیویارک اسٹاک ایکسچینج، دیگر انضباط کاروں یا بیرونی وکلاء کے رابطہ کاروں کی کولگیٹ کی جانب سے معلومات فراہم کرنے کی درخواستوں کا حوالہ فوری طور پر لازماً گلوبل لیگل آرگنائزیشن کو دینا چاہیے۔

یہ ضروری ہے کہ کوئی بھی ملازم کمپنی کی جانب سے اس طرح کے کسی استفسار کا جواب نہ دے یا خود ان سے رابطہ نہ کرے، کیونکہ کوئی بھی نامناسب یا غلط جواب، حتیٰ کہ معلومات سے انکار یا بے تعلقی کا نتیجہ کمپنی کے لیے منفی تشہیر، قانونی جوکھم یا دیگر منفی اثر کی شکل میں برآمد ہو سکتا ہے۔ اس کا دائرہ سوشل میڈیا پر کیے جانے والے استفسارات یا انجام دیے جانے والے معاملات تک وسیع ہے۔

یہ پالیسی عوامی طور پر دستیاب مالیاتی معلومات کی درخواستوں، جیسے سالانہ اور سہ ماہی رپورٹوں یا کمپنی کی عوامی تشہیری سرگرمیوں پر لاگو نہیں ہوتی ہے۔

کولگیٹ کے افراد سیکورٹیز کی تجارت اور معلومات کے افشاء سے متعلق کمپنی کے رہنما خطوط سے رجوع کر کے اضافی معلومات حاصل کر سکتے ہیں، جو کہ **کاروباری طریق کار کے رہنما خطوط** سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

# ہم کھاتے اور ریکارڈ درستگی سے بنائے رکھتے ہیں

ہماری کمپنی کی مالی حیثیت اور اس کے آپریشنز کے نتائج قانونی تقاضوں اور عمومی طور پر تسلیم شدہ اکاؤنٹنگ کے اصولوں (GAAP) کے مطابق ریکارڈ کر کے رکھے جانے چاہئیں۔ کولگیٹ کے لیے ایسے کھاتوں، ریکارڈز اور اکاؤنٹس کو محفوظ رکھنا ضروری ہے جو کہ درست انداز میں اور ایمانداری کے ساتھ کمپنی کے لین دین اور اثاثوں کی عکاسی کرتے ہوں، نیز اندرونی اکاؤنٹنگ کنٹرولز کا ایک درست نظام قائم رکھنا بھی ضروری ہے۔

اس طرح کی مالی معلومات کی تخلیق، اس پر کارروائی اور اس کی ریکارڈنگ میں شامل ہر فرد اس کی راستبازی کے لیے ذمہ دار قرار دیا جاتا ہے اور:

- اسے لازمی طور پر ضروری منظوریاں حاصل کرنی چاہئیں اور اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ تمام لین دین اور اخراجات درست طور پر کمپنی کے کھاتوں اور ریکارڈز میں درج ہوں، جن میں اخراجات کی رقم، اخراجات کا وصول کنندہ یا مستفید اور اخراجات کا کاروباری مقصد شامل ہیں۔
- اسے کمپنی کے تمام لین دین اور اثاثوں کے تصفیوں کے تعلق سے مکمل اور درست معلومات نیز مناسب دستاویزات فراہم کرنی چاہئیں۔
- اسے لازمی طور پر یقینی بنانا چاہیے کہ ہر لین دین، اکاؤنٹنگ یا مالی اندراج سے بعینہ اس چیز کی عکاسی ہو جو تائیدی دستاویز کے ذریعہ بیان کی گئی ہے۔ انتظامیہ کی جانب سے، یا اس کے ذریعہ، یا کمپنی کے داخلی یا خود مختار آڈیٹرز سے معلومات کا کوئی اخفاء نہیں ہونا چاہیے۔
- اسے کسی بھی وجہ سے کمپنی کے کھاتوں یا مالی ریکارڈز میں کوئی بھی جھوٹے یا گمراہ کن اندراجات نہیں کرنے چاہئیں۔
- اسے لازمی طور پر ادائیگی کی تائید کرنے والی دستاویزات کے تحت جن مقاصد کی وضاحت کی گئی ہے ان کے علاوہ کسی اور مقصد سے کوئی ادائیگی استعمال نہیں کرنی چاہیے۔
- اسے کسی بھی نا جائز یا نا مناسب مقصد کے لیے کمپنی کے فنڈز یا اثاثے ہر گز استعمال نہیں کرنے چاہئیں۔
- اسے لازماً بر وقت ہونے کی بنیاد پر محصولات و اخراجات کی درست انداز میں شناخت کرنی چاہیے۔

اثاثوں اور واجبات کو باقاعدہ طریقے سے ریکارڈ کرنا اور مناسب طور پر ان کی قدر پیمائی ہونی چاہیے۔ اس کے علاوہ، جو لوگ سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن میں کولگیٹ کی فائلنگز اور قابل اطلاق قانون کے ذریعہ مطلوب دیگر فائلنگز، یا کاروباری یا مالی برادری کے ساتھ دیگر مواصلات کی تیاری کے ذمہ دار یا اس میں شامل ہیں، انہیں یہ یقینی بنانا چاہیے کہ ان فائلنگز یا مواصلات میں کیے گئے انکشافات اپنے کیے جانے کے وقت مکمل، منصفانہ، درست، قانونی، بروقت اور قابل فہم ہوں۔

اگر آپ کسی لین دین میں، اکاؤنٹنگ یا مالی اندراجات میں یا کولگیٹ کی سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن کی رپورٹوں یا دیگر مواصلات میں کسی ممکنہ بھول چوک، جعل سازی یا سقم سے، یا داخلی کنٹرولز میں کسی انقطاع سے واقف ہو جاتے ہیں تو، آپ کو فوری طور پر اپنے مینیجر یا گلوبل لیگل آرگنائزیشن کو اس طرح کی معلومات کی اطلاع دینی چاہیے۔ آپ گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

کولگیٹ کے افراد کھاتوں، ریکارڈز اور دستاویزات سے متعلق کمپنی کے رہنما خطوط سے رجوع کر کے اضافی معلومات حاصل کر سکتے ہیں، جو کہ **کاروباری طریق کار کے رہنما خطوط** سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

## یاد رکھیں

- کمپنی کے کھاتے اور ریکارڈز لازماً درست ہونے چاہئیں
- کمپنی کی دستاویزات لازماً واضح اور غیر مبہم ہونی چاہئیں
- کسی بھی وجہ سے کوئی جھوٹے یا گمراہ کن اندراجات نہیں کیے جانے چاہئیں

## ہم کولگیٹ کے اثاثوں کا تحفظ کرتے ہیں

کمپنی کے اثاثوں، سہولیات یا خدمات کا استعمال صرف قانونی، مناسب اور مجاز مقاصد کے لیے ہونا چاہیے۔ رقم، املاک یا خدمات کی چوری سختی کے ساتھ ممنوع ہے۔ کولگیٹ کے آلات، سسٹمز، سہولیات، کارپوریٹ کریڈٹ کارڈز اور ساز و سامان کے استعمال کا تعلق کولگیٹ میں آپ کے کام یا انتظامیہ کے ذریعہ مجاز مقاصد کے لیے ہونا چاہیے۔

آپ ذاتی طور پر کمپنی کی صرف ان ہی املاک کے تحفظ کے ذمہ دار نہیں ہیں جو آپ کی تحویل میں ہیں بلکہ عمومی طور پر کمپنی کے اثاثوں کے تحفظ میں مدد کرنے کے بھی ذمہ دار ہیں۔ آپ کو کسی بھی ایسی صورتحال یا واقعات کے لیے چوکس رہنا چاہیے جو کمپنی کی املاک کے نقصان، غلط استعمال یا چوری کا باعث ہو سکتے ہوں اور اس طرح کے تمام حالات آپ کے علم میں آنے کے ساتھ ہی آپ کو ان کی اطلاع اپنے مینیجر یا گلوبل سیکورٹی کو دینی چاہیے۔

صرف کمپنی کے مخصوص افسران اور دیگر سینئر ملازمین کو ہی کمپنی کے اثاثوں پر اثر انداز ہونے والے عہد و پیمان کرنے کا اختیار ہے۔ جب تک باقاعدہ طور پر اجازت نہ ملی ہو، آپ کو کمپنی کے اثاثوں پر اثر انداز ہونے والے عہدو پیمان نہیں کرنے چاہئیں۔

اگر آپ کے سوالات ہوں یا وضاحت درکار ہو تو، آپ کو اپنے مقامی یا شعبہ مالیات کے نائب صدر سے رابطہ کرنا چاہیے۔

## ہم اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے وسائل اور سوشل میڈیا کا استعمال ذمہ دارانہ طور پر کرتے ہیں

**IT کے وسائل کا استعمال**

کولگیٹ کی اطلاعاتی ٹیکنالوجی (IT) کے وسائل کا استعمال لازماً ذمہ دارانہ طور پر اور ضابطے اور کمپنی کی دیگر سبھی پالیسیوں اور اسالیب کار سے ہم آہنگ انداز میں کیا جانا چاہیے۔

کولگیٹ کے IT کے وسائل میں وہ تمام موجودہ اور آئندہ کے کمپیوٹر ہارڈ ویئر، سافٹ ویئر، موبائل ڈیوائسیز، ڈیٹا اور اسٹوریج میڈیا شامل ہیں جو کولگیٹ کی ملکیت ہوں، اس کے ذریعہ لیز پر لیے گئے ہوں یا اس کی جانب سے فراہم کیے گئے ہوں۔ کولگیٹ کے IT کے وسائل کا استعمال، محدود اور مناسب ذاتی استعمال کو چھوڑ کر، صرف کولگیٹ کے کاروباری مقاصد کے لیے لائق احترام، پیشہ ورانہ انداز میں کیا جانا چاہیے۔

**کولگیٹ کے IT کے وسائل کا استعمال درج ذیل کے لیے نہیں کیا جا سکتا ہے:**

- ہراساں کرنے والے، امتیازی سلوک کا اظہار کرنے والے، جارحانہ، بدنام کرنے والے، دھوکہ یا دھمکی دینے والے پیغامات بھیجنے کے لیے۔
- نامناسب انداز میں کمپنی کی یا کسی فریق ثالث کی حقِ ملکیت کی، راز دارانہ یا تجارتی راز کی معلومات کے افشاء کے لیے۔
- سیکورٹی کی خلاف ورزی کی وجہ بننے کے لیے یا اس کی اجازت دینے کے لیے یا کولگیٹ کے نیٹ ورک یا مواصلات کے نظام میں رکاوٹ ڈالنے کے لیے، اس میں وورمز، وائرسیز، اسپائی ویئر، مالویئر، یا بد باطنی پر مبنی یا تخریبی نوعیت کے دیگر مواد یا کوڈ شامل ہیں مگر یہ فہرست انہی تک محدود نہیں ہے۔
- استعمال کنندہ کی رسائی کے کنٹرولز یا کسی کمپیوٹر، نیٹ ورک، ایپلی کیشن یا دوسری ٹیکنالوجی کی دیگر سیکورٹی کو دھوکہ دینے کے لیے۔
- کسی شخص یا کمپنی کے حقوق پامال کرنے کے لیے جسے ٹریڈ مارک، ٹریڈ ڈریس، اشتہار/ رازداری کے حق، کاپی رائٹ، تجارتی راز، پیٹنٹ یا دیگر املاک دانش کے حق، یا اس جیسے قوانین یا ضابطوں کے تحت تحفظ حاصل ہو۔
- کسی شخص کی شہرت اور رازداری کے حقوق پامال کرنے کے لیے جنہیں قابل اطلاق قانون کے تحت تحفظ حاصل ہو۔
- بیرونی تجارتی وینچرز کی درخواست کے لیے، مذہبی یا سیاسی مقاصد کے لیے، یا کسی غیر مجاز شخصی حصولیابی یا ترقی کے لیے۔
- کاروباری یا نجی استعمال کے لیے کولگیٹ کے سسٹم پر غیر مجاز سافٹ ویئر انسٹال اور ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے۔
- کسی دیگر ایسے استعمال کے لیے جو کہ کاروباری طریق کار کے رہنما خطوط کے تحت ممنوع ہو۔
- ماسوا قابل اطلاق قوانین کی پابندیوں کے، کولگیٹ تمام طرح کے استعمال پر نظر ثانی کرنے اور کبھی بھی کسی بھی وجہ سے IT کے وسائل تک رسائی محدود کرنے، معطل کرنے، یا منسوخ کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔ کمپنی کے IT کے وسائل استعمال کرتے وقت ملازمین کو رازداری کی کوئی توقع نہیں رکھنی چاہیے۔

**کولگیٹ کے IT کے وسائل:**

- لازماً کمپنی کے جملہ کاروبار کے لیے استعمال کیے جانے چاہئیں۔ اس مقصد کے لیے، کولگیٹ کے IT کے وسائل میں ایسے شخصی موبائل ڈیوائسز شامل ہیں جو کہ گلوبل انفارمیشن سیکورٹی موبائل ڈیوائس سیکورٹی پالیسی کے تحت منظور شدہ ہیں یا اس کے مطابق ہیں۔
- کمپنی کے کاروبار انجام دینے کے لیے شخصی ای میل پتے استعمال نہیں کیے جانے چاہئیں،
- کولگیٹ کے افراد کو کمپنی کی دستاویزات یا ای میلز شخصی ای میل کے پتوں سے نہیں بھیجنا چاہیے۔

## سوشل میڈیا

"سوشل میڈیا" ویب سائٹوں، ایپس اور دیگر آن لائن کمیونیکیشن ٹولز کے لیے استعمال ہونے والی ایک اصطلاح ہے جو کہ استعمال کنندگان کو معلومات، آراء، جانکاری، اور مفادات کا آن لائن اشتراک کر کے ایک دوسرے کے ساتھ تعامل کرنے کے قابل بناتا ہے۔ سوشل میڈیا ٹولز ہمیں ایک دوسرے کے ساتھ نیز اپنے گاہکوں، سپلائروں، صارفین اور پیشہ وران کے ساتھ مربوط ہونے کا ایک گراں قدر طریقہ فراہم کرتے ہیں۔ ان کے بہت سارے فوائد سے قطع نظر، سوشل میڈیا کے یہ ٹولز کمپنی، سوشل میڈیا کا استعمال کرنے والے ملازمین، اور دیگر تیسرے فریقوں کے لیے جوکھم بھی پیدا کر سکتے ہیں۔
ہم سوشل میڈیا پر ایک ذمہ دارانہ انداز میں معاملات کرنے، اچھی سمجھ بوجھ کا استعمال کرنے اور سوشل میڈیا پر پوسٹ کرتے وقت کسی بھی غیر مقصود نتائج سے اجتناب کرنے کے لیے شخصی ذمہ داری کا مظاہرہ کرنے کے لیے آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر، آپ کو کوئی بھی ایسے تبصرے پوسٹ کرنے سے اجتناب کرنا چاہیے جو آپ راست طور پر کسی بھی شخص کے سامنے کرنے پر آرام دہ محسوس نہیں کریں گے۔ اس کے علاوہ، کولگیٹ کی طرف سے بیانات دینے کے سلسلہ میں سخت شرائط موجود ہیں۔

**سوشل میڈیا کا ذاتی استعمال – اوامر و نواہی**

- سوشل میڈیا پر اپنے ذاتی معاملات میں کمپنی کا ای میل پتہ استعمال یا شامل نہ کریں۔
- اگر آپ چاہیں تو خود کو کمپنی کے ایک ملازم کی حیثیت سے متعارف کرائیں اگر آپ کسی انفرادی حیثیت سے سوشل میڈیا کی سائٹوں میں شرکت کرتے ہیں (مثال کے طور پر، شخصی Facebook یا Twitter اکاؤنٹ) لیکن کمپنی، اس کی ذیلی کمپنیوں، جوائنٹ وینچرز یا ان کی کسی بھی مصنوعات کا نام اپنے استعمال کنندہ کے نام یا اسکرین پر ظاہر ہونے والے نام میں استعمال نہ کریں۔
- ان لوگوز یا مواد کا استعمال نہ کریں جو کمپنی کی ملکیت ہیں سوائے اس کے کہ کولگیٹ نے ان کی شناخت بطور منظور شدہ کی ہو۔
- کسی نا مناسب انداز میں مسابقت کاروں یا دیگر لوگوں کے ساتھ معاملات نہ کریں (مثال کے طور پر، کمپنی کی خفیہ یا مالکانہ معلومات کا اشتراک کرنا)۔
- اگر آپ کولگیٹ کی مصنوعات کے سلسلہ میں سفارشیں کر رہے ہیں یا اپنی شخصی سوشل میڈیا کی سائٹوں پر کمپنی سے متعلق موضوعات پوسٹ کر رہے ہیں تو آپ لازماً ہمارے ضابطے اور قانون کے مطابق عمل کریں:
    - اس طرح کی ہر ایک پوسٹ میں اس بات کی صراحت ضرور کریں کہ آپ کمپنی کے لیے کام کرتے ہیں (مثال کے طور پر ColgateTeam# یا IamColgate#) جہاں کہیں از روئے قانون ضروری ہو۔
    - اگر آپ اپنی شخصی سوشل میڈیا کی سائٹوں پر کمپنی یا اس کی مصنوعات کے بارے میں سوالات موصول کرتے ہیں تو اس مسئلہ کا جواب خود سے دینے کی کوشش نہ کریں۔ اس کی بجائے، کمپنی کی ویب سائٹ کا ایک لنک فراہم کریں جس میں اس مسئلہ کا جواب ہو، یا کسی جواب کے لیے اس استفسار کو ColgatePalmolive.com کے 'ہم سے رابطہ کریں' سیکشن کی طرف رہنمائی کر دیں۔
    - گرہ باندھ لیں کہ لوگ آپ کو آپ کے آجر سے علیحدہ نہیں کر سکیں گے-سوشل میڈیا پلیٹ فارم سے قطع نظر، آپ کو اپنی اور Colgate-Palmolive کی شہرت پر اپنے قول و فعل کے اثر سے باخبر رہنا چاہیے اور ایسی شخصی پوسٹوں سے اجتناب کرنا چاہیے جو Colgate کی شہرت پر منفی اثر ڈال سکتی ہوں۔

## سوشل میڈیا کا کمپنی کے ذریعہ استعمال

کمپنی کے یہاں نیوز، بازار کی مصنوعات کے بارے میں بتانے، اور کمپنی کے ذریعہ اسپانسر کردہ انٹرنیٹ کی سائٹوں پر اشتہار دینے کے لیے مستحکم طریق کار ہیں۔ کمپنی کی طرف سے ان سائٹوں پر پوسٹ کرنے کی اجازت نہیں ہے سوائے اس کے کہ آپ کو ایسا کرنے کی منظوری دی گئی ہو۔ اگر آپ کو اس سرگرمی کو انجام دینے کا اختیار دیا گیا ہو تو براہ کرم ضروری ہدایات کا جائزہ لینے کے لیے کاروباری طریق کار کے رہنما خطوط کا باب 16، "سوشل میڈیا"، ملاحظہ کریں۔

## کمپنی کے حوالے

اگر آپ نا درست یا نا مناسب پوسٹیں ملاحظہ کرتے ہیں جو کہ کمپنی یا کمپنی کی شہرت کو متاثر کر سکتی ہیں تو براہ کرم کارپوریٹ کمیونیکیشنز یا ایتھکس اینڈ کمپلائنس سے رابطہ کریں۔

کولگیٹ کے افراد اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے وسائل اور سوشل میڈیا کے استعمال اور تحفظ سے متعلق کمپنی کے رہنما خطوط سے رجوع کر کے اضافی معلومات حاصل کر سکتے ہیں جو کہ **کاروباری طریق کار کے رہنما خطوط** سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

# خارجی کاروباری اداروں کے ساتھ ہمارا تعلق

ہم لوگ ایمانداری اور راست بازی کے ساتھ کاروبار انجام دیتے ہیں، اور توقع کرتے ہیں کہ تھرڈ پارٹیوں کی اقدار اور کاروباری طریق کار میں قانون، مصنوعات کی کوالٹی، حفاظت، انسانی حقوق اور ملازمین کے ساتھ معاملات میں ہماری اقدار اور طریق کار کی عکاسی ہو۔

## ہم تیسرے فریقوں کے ساتھ اخلاقی برتاؤ کرتے ہیں

ایک اعتماد کا ماحول تخلیق کرنے، کھلی اور سچی مواصلت، اور احترام کے تئیں ہماری عہد بستگی تیسرے فریقوں کے ساتھ ہمارے رشتے پر بھی محیط ہے۔ ٹھوس، دیرپا کاروباری تعلقات کے لیے تیسرے فریقوں کے ساتھ ایمانداری اور شفافیت سے معاملات کرنا لازمی ہے۔ ہم سبھی امکانی تیسرے فریقوں پر منصفانہ اور یکساں توجہ دیتے ہیں۔ وینڈر کے انتخاب کے فیصلے معروضی کسوٹیوں جیسے قیمت اور معیار، نیز معتبریت اور راستبازی پر مبنی ہوتے ہیں۔

اس کے علاوہ، ہم قیمتوں، تشہیری بھتوں، مارکیٹنگ میں اعانت وغیرہ سے متعلق تیسرے فریقوں کی کوئی ذاتی طرفداری نہیں کرتے ہیں۔ تیسرے فریقوں کے ساتھ ہونے والے معاملات پر اس ضابطہ کے حکومت اور قانون کے ساتھ ہمارا تعلق بتلانے والے سیکشن میں مزید گفتگو کی گئی ہے۔

کولگیٹ کا تیسرے فریق کے لیے ضابطۂ اخلاق اخلاقی طرز عمل سے متعلق ہماری ان توقعات کے اظہار کے لیے فروغ دیا گیا تھا جن کی توقع ہم ان تیسرے فریقوں سے کرتے ہیں جن کے ساتھ ہم کام کرتے ہیں۔

کولگیٹ کے سپلائرز اور وینڈرز کو ہمارے ساتھ کام کرتے وقت تیسرے فریق کے لیے ضابطۂ اخلاق کی پابندی کے تقاضوں سے ہمیشہ آگاہ رہنا چاہیے یا ایسا نہ کر پانے پر ہمارے کاروبار سے محرومی کے امکان کا سامنا کرنا چاہیے۔ اس کے علاوہ، ہمیں گاہک یا سپلائر کی پالیسیوں کا احترام اور ان کی پابندی کرنی چاہیے اس حد تک کہ وہ خود ہماری پالیسیوں سے متصادم نہ ہوں۔ **کولگیٹ کا تیسرے فریق کے لیے ضابطۂ اخلاق** متعدد زبانوں میں دستیاب ہے۔

## ہم نامناسب تحائف نہیں دیتے، نہ ہی قبول کرتے ہیں

کسی بھی کاروباری فیصلہ کو متاثر کرنے یا بظاہر متاثر کرنے کے لیے تحائف، ادائیگیوں، فوائد یا ملازمتوں کی پیش کش کرنا، دینا یا موصول کرنا (راست طور پر آپ کو / آپ سے یا بالواسطہ طور پر کسی فیملی ممبر یا شناسا کے ذریعہ) نا قابل قبول ہیں۔ اگر آپ کوئی تحفہ، ادائیگی یا دیگر فائدہ دینا چاہتے ہیں، آپ کو دیا گیا ہے، یا آپ کو اس کی پیش کش کی گئی ہے یا آپ نے اسے قبول کیا ہے تو اس کی قیمت معمولی (تقریباً 50 امریکی ڈالر) سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔ تحائف ہر گز نقد، نقد کے مساوی، یا سیکورٹیز کی صورت میں نہیں ہونے چاہئیں۔ نیز، یہ بھی ذہن میں رکھیں کہ آپ ایک ماخذ کو یا اس سے فی تقویمی سال صرف ایک بار ہی معمولی مالیت کا تحفہ دے سکتے ہیں یا قبول کر سکتے ہیں۔

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ ایسا کوئی تحفہ، ادائیگی یا دیگر فائدہ کسی کاروباری فیصلہ کو متاثر کرنے کے لیے دیا گیا تھا یا اس کی پیش کش کی گئی تھی تو آپ کو لازماً گلوبل لیگل آرگنائزیشن یا گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس سے رابطہ کرنا چاہیے۔

اگر آپ کی طرف سے معمولی مالیت سے زائد کا کوئی تحفہ قبول نہ کیا جانا کمپنی کے لیے باعث شرمندگی ہو گا تو، پھر تحفہ قبول کرنے کی آپ کی نیت کا جائزہ گلوبل لیگل آرگنائزیشن کے ساتھ مل کر لیا جانا چاہیے۔ اس کے علاوہ، کنبہ کے قریبی افراد کے لیے کسی بھی ایسے شخص سے جس

کے ساتھ کمپنی کا موجودہ کاروباری تعلق ہے یا مستقبل میں کاروباری تعلق ہونے کا امکان ہو، معمولی مالیت سے زائد کے تحفے، ادائیگی یا دیگر فوائد کا انتظام نہ کریں یا اس سے یہ چیز قبول نہ کریں۔

اس قاعدے کی تعمیل کریں: کبھی بھی کوئی ایسا تحفہ یا خدمت قبول نہ کریں اگر وہ آپ کو خطرے میں ڈال دے یا آپ کو خطرے میں ڈالتا ہوا معلوم پڑے۔ اس میں کبھی کبھار کی معقول کاروباری تفریح یا معمولی مالیت کے تحائف شامل نہیں ہیں۔

آپ کو اس امر سے واقف رہنا چاہیے کہ وفاقی، ریاستی، مقامی یا غیر ملکی سرکاری اہلکاروں اور حکومتوں کے ساتھ معاملات کرنے میں مناسب برتاؤ پر نافذ العمل خصوصی قواعد ہوتے ہیں جو غیر سرکاری اداروں کے ساتھ ہونے والے معاملات کے قواعد سے مختلف ہوتے ہیں۔ کوئی تحائف یا دیگر آئٹمز، ان کی قیمت سے قطع نظر، کسی بھی ملک میں کسی بھی حکومتی اہلکار یا حکومتی ملازم کو یا ان سے گلوبل لیگل آرگنائزیشن کی پیشگی رضامندی کے بغیر فراہم یا حاصل نہیں کیے جا سکتے ہیں۔

کولگیٹ کے افراد سرکاری اہلکاروں یا حکومتوں کو تحائف دینے کے سلسلے میں اضافی معلومات سرکاری اخراجات کی عالمی پالیسی اور متعلقہ منظوری فارم اور طریق کار سے رجوع کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔

## ہم تجارتی رازوں اور خفیہ معلومات کا احترام کرتے ہیں

کولگیٹ کی یہ پالیسی ہے کہ دوسروں کے جائز اور قابل نفاذ حقوق املاک دانش سے جان بوجھ کر تجاوز نہ کیا جائے۔ کمپنی کی یہ پالیسی بھی ہے کہ دوسروں کے تجارتی رازوں اور حق ملکیت والی دیگر معلومات کا احترام کیا جائے۔ اگر آپ کولگیٹ میں شامل ہوتے ہیں اور آپ کو اپنے سابق آجر کے تجارتی رازوں اور حق ملکیت والی معلومات کا علم ہے تو یہ چیز خاص طور پر اہم ہے۔ ایک عام کلیہ کے طور پر، مسابقت کاروں کے ملازمین یا سابقہ ملازمین کو نوکری دینا ممنوع نہیں ہے۔ تاہم، اپنے راست مسابقت کاروں کے ملازمین کو نوکری دینا قانونی جوکھم کا باعث ہو سکتا ہے جس کا نظم ضروری ہے، اس میں اپنے مسابقت کاروں یا دیگر تیسرے فریقوں کی رازدارانہ یا حق ملکیت کی معلومات حاصل کرنے کا خطرہ شامل ہے۔ اگر اس سلسلے میں کوئی سوالات پیدا ہوتے ہیں تو، آپ کو گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے رجوع کرنا چاہیے۔

اگر کمپنی سے باہر کا کوئی شخص کوئی ایجاد، دریافت یا نیا آئیڈیا لے کر آپ کے پاس آتا ہے تو، آئندہ خلاف ورزیوں یا مالی دعووں سے کمپنی کا تحفظ کرنا اہم ہے۔ پہلے گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے رجوع کیے بغیر، خارجی افراد کو اپنی ایجاد، دریافت یا نئے خیال کی کسی بھی تفصیلات کا افشاء کرنے کی اجازت نہ دیں۔

ہماری بیرونی ویب سائٹ **www.colgate.com/innovation** سے رہنما خطوط مل سکتے ہیں، نیز اس پر ایسے لوگوں کے لیے جو کہ اس طرح کی کوئی چیز پیش کرنا چاہتے ہیں، فارم اور طریقہ کار موجود ہیں۔ اگر آپ کوئی ان چاہا آئیڈیا، تجویز یا سوال موصول کرتے ہیں تو آپ کو لازماً اس شخص کی ہماری بیرونی ویب سائٹ کی طرف رہنمائی کرنی چاہیے اور اس سے اس میں بیان کردہ طریقۂ کار کی تعمیل کرنے کی ہدایت کرنی چاہیے۔

# صارفین کے ساتھ ہمارا تعلق

ان چاہیے آئیڈیاز کے ساتھ آپ کے پاس آنے والے سبھی فریقوں کو یا تو گلوبل لیگل آرگنائزیشن یا اپنے مقام پر موجود کنزیومر افیئرز (امور صارفین) ڈیپارٹمنٹ کے پاس بھیجیں تاکہ کمپنی کے طریق کار کے مطابق ان سے نمٹا جائے۔

ہماری کمپنی کی ساکھ ہماری مصنوعات کے معیار اور تحفظ پر قائم ہے۔ صارفین کی صحت اور سلامتی کے تئیں ہماری عہد بستگی کمپنی کی مسلسل نمو اور کامیابی کے لیے لازمی ہے۔

## ہم اپنی مصنوعات کے لیے اعلیٰ ترین معیارات طے کرتے ہیں

ہم یہ یقینی بنانے کے پابند عہد ہیں کہ صارفین کولگیٹ کی مصنوعات کی معتبریت، معیار اور نمایاں کارکردگی کے لیے ان پر اعتبار کر سکتے ہیں۔ جن بازاروں میں ہم کام کرتے ہیں وہاں کے کروڑوں افراد کی خدمت انجام دینے کے علاوہ، ہمیں اپنی مصنوعات اپنی کوشش کی حد تک انتہائی کفایتی طریقے سے پیش کرنے کی جدوجہد کرنی چاہیے تاکہ ہم مصنوعات کی سستی پیش کش کر سکیں۔

کولگیٹ کی فروخت کردہ مصنوعات کو نہ صرف قانون کے ذریعہ طے کردہ سبھی تحفظاتی معیارات، بلکہ کمپنی کے اکثر و بیشتر زیادہ سخت معیارات پر بھی پورا اترنا چاہیے۔ ہم مصنوعات کے ساتھ مشتبہ چھیڑ چھاڑ، غلط استعمال یا نقلی مصنوعات کی صورت میں صارفین کو بروقت تعاون فراہم کرنے کے لیے پروگراموں میں شرکت کرتے ہیں۔ صارف کی صحت، سلامتی اور بہبود ہمارے لیے بنیادی اہمیت کے حامل ہیں، اور کولگیٹ کے ملازم کی حیثیت سے مصنوع کے معیار یا تحفظ سے متعلق آپ کو پیش آمدہ کسی بھی امور کی اطلاع فوری طور پر اپنی کاروباری اکائی کے قائد کو دینا آپ کی ذمہ داری ہے۔

ہمارے اجزاء کے تحفظ کے سلسلے میں اضافی معلومات کے لیے، برائے مہربانی **اجزاء کے تحفظ سے متعلق ہماری پالیسی ملاحظہ فرمائیں: نسلوں کے لیے اپنا اعتماد حاصل کرنا، روزانہ۔**

## ہم صارفین کے تئیں جوابدہ ہیں

چونکہ ہمارا کاروبار صارف کی مصنوعات کا ہے، لہٰذا ہماری کامیابی کا انحصار صارف کی طمانیت، اعتبار اور خیر خواہی پر ہے۔ ہم صارف سے مواصلت کے استقلال پذیر اور منصفانہ پروگرام پر عمل کر کے اپنے مقاصد کو بہترین طریقے سے حاصل اور صارفین کی ضروریات پوری کر سکتے ہیں۔

ہم صارفین کی ضروریات اور ترجیحات کی پیش بینی اور جوابی اقدام کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہیں۔ ہمارا یہ بھی ماننا ہے کہ ہماری مصنوعات کے سلسلے میں کمپنی کو پہنچائی گئی صارف کی آراء، تشاویش اور استفسارات معلومات کے اہم ماخذ ہیں۔ صارف کی ضروریات مستقل طور پر تبدیل ہو رہی ہیں، لہٰذا ہمیں مسلسل طور پر سننا چاہیے کہ لوگ کس چیز کے خواہاں ہیں، تاکہ یہ بدلتی ضروریات پوری کی جائیں۔

جب کوئی صارف عدم اطمینان کا اظہار کرتا ہے تو ہماری کنزیومرز افیئرز ٹیم فوری طور پر، خوش اخلاقی کے ساتھ اور منصفانہ طور پر مسئلے کا ازالہ کرے گی، اور صارف کی خیر خواہی برقرار رکھنے یا اسے دوبارہ حاصل کرنے کے لیے ہر معقول کوشش کرے گی۔

## ہماری تشہیر ایماندارانہ اور درست ہوتی ہے

ہمارے کاروبار کا ایک انتہائی اہم پہلو تشہیر ہے۔ تشہیر تخلیقی اور مقابلہ جاتی، لیکن اس کے ساتھ ساتھ ایماندارانہ، درست، گمراہیوں سے پاک اور بصورت دیگر تمام قابل اطلاق قوانین کے مطابق ہونی چاہیے۔
تشہیر سے کسی مصنوع کا محض ایک چیز ہونے سے کہیں زیادہ ہونے کا تاثر پیدا ہوتا ہے۔ یہ معتبریت، انحصاریت اور بھروسہ مندی کے لیے ہماری ساکھ بناتی ہے۔

اس کے علاوہ، جس میڈیا میں ہمارے تشہیری پیغامات ظہور پذیر ہوتے ہیں، ان کے انتخاب میں ہم احتیاط برتتے ہیں۔ ہم لوگ اپنے اشتہارات کو ایسے ماحول میں ظاہر نہیں ہونے دیتے ہیں جو ہماری کمپنی کی اقدار سے ہم آہنگ نہ ہوں، اس میں ایسے مواد شامل ہیں جو:

- بے جا یا انتہائی تشدد کو پیش کرتا ہو۔
- جسے کولگیٹ کے ذریعہ سماج مخالف یا ناگوار تصور کیا جاتا ہو، یا جو کہ ناظرین کی نقالی کے ذریعہ ممکنہ طور پر سماج مخالف طور طریق کو بڑھاوا دیتا ہو۔
- ایسے جنسی طور طریق پر مشتمل ہو جسے نازیبا تصور کیا جاتا ہو۔
- اس سے ایسی سرگرمیوں کو حقیقی یا ضمنی طور پر حمایت ملتی ہو جو کہ کسی فرد کی جسمانی یا دماغی صحت کا غلط استعمال کر سکتی ہیں۔
- عمر، قومی یا نسلی بنیاد، شہریت، صنف یا صنفی شناخت، جنسی میلان، نسل، مذہب، کی وجہ سے لوگوں کی توہین کرتا ہو، مذاق اڑاتا ہو یا بدنام کرتا ہو یا دیگر نا مناسب گھسی پٹی باتوں میں شامل ہو۔
- سیاسی نظریات یا افکار کا اظہار کرتا ہو۔

اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ ہم لوگ اس وعدے کو ایک روز افزوں ڈیجیٹل ماحول میں پورا کر رہے ہیں، ہم لوگ حتی الامکان اپنی ڈیجیٹل تشہیر میں تھرڈ پارٹی کی برانڈ سیفٹی ٹیکنالوجی کے استعمال کو لازمی قرار دیتے ہیں۔

آخر کار، ہم لوگ مواصلات میں ڈیٹا کے استعمال سے متعلق رازداری کے لیے موجودہ قوانین کی پابندی کرکے اور اعلی اخلاقی معیاروں کو بروئے کار لا کر اس اعتماد و احترام کو واپس کرتے ہیں جو کہ لوگ ہمیں ہماری مصنوعات خریدتے وقت دیتے ہیں۔

ہم تشہیر، تجارتی نشانات اور ڈیزائنوں کے اختراع، استعمال اور انتخاب میں تجارتی شفافیت کے معیارات کی پابندی کرتے ہیں تاکہ ہماری مصنوعات حریفوں کی نقالی کرنے یا ان کی نیک نامی پر تجارت کرنے کے بجائے خود اپنے معیار اور ساکھ کی طاقت سے کامیاب ہوں۔ تجارتی شفافیت تقاضا کرتی ہے:

- تجارتی نشان کی خلاف ورزی اور غیر منصفانہ مسابقت سے متعلق مقامی قانونی تقاضوں کی سختی کے ساتھ پابندی۔
- کثیر ملکی کمپنیوں اور علاقائی حریفوں کے استعمال کردہ جانے مانے تجارتی نشانات، نعروں، تشہیری موضوعات اور گرافکس کی نقل کرنے سے احتراز کرنا۔

کولگیٹ کے افراد تشہیر اور اشتہار دینے سے متعلق کمپنی کے رہنما خطوط سے رجوع کر کے اضافی معلومات حاصل کر سکتے ہیں جو کہ **کاروباری طریق کار کے رہنما خطوط** سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

# قانون کے ساتھ ہمارا تعلق

## ہم سبھی قابل اطلاق قوانین کی تعمیل کرتے ہیں

کولگیٹ کے افراد کو کمپنی کے کاروبار اس طرح انجام دینا چاہیے کہ وہ جن ممالک میں کام کرتے ہیں وہاں کے قوانین کی، نیز کمپنی کے کاروباری طریق عمل کے رہنما خطوط، پالیسیوں اور اسالیب کار میں بیان کردہ ریاستہائے متحدہ کے متعلقہ قوانین کی پوری پوری تعمیل ہو۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ مقامی قوانین اور متعلقہ امریکی قانون یا کمپنی کی پالیسی کے بیچ تضاد ہے تو، برائے مہربانی گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے رجوع کریں۔

## ہم مسابقت کے قوانین کی تعمیل کرتے ہیں

کولگیٹ اور دنیا بھر میں اس کے ملازمین کو مسابقت کے ایسے قوانین (جنہیں امریکہ میں مانع ارتکاز معیشت قوانین کے نام سے جانا جاتا ہے) کی تعمیل کرنی چاہیے جو ہر اس ملک، ریاست اور علاقے میں لاگو ہوں جہاں پر ہم کاروبار کرتے ہیں۔ ان قوانین کا مقصد یہ یقینی بنا کر صارفین اور دیگر کمپنیوں کا تحفظ کرنا ہے کہ کمپنیاں مسابقتی قیمتیں، مزید اختراعی مصنوعات اور بہتر خدمت پیش کر کے منصفانہ طریقے سے مقابلہ آراء ہوں اور یہ کہ کمپنیاں رسد اور طلب کی بازار کی قوتوں میں دخل اندازی نہ کریں۔ معنوی طور پر ہر ملک نے مسابقت کے قوانین وضع کیے ہیں۔ کولگیٹ جہاں پر کاروبار کرتی ہے وہاں نافذ مسابقت کے قوانین کو سمجھنا اور حسب ضرورت گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے رہنمائی طلب کرنا ہر فرد کی ذمہ داری ہے۔

پوری دنیا کے مسابقت کے قوانین حریفوں کے مابین ایسے معاہدوں کو ممنوع قرار دیتے ہیں جو مسابقت کو نقصان پہنچانے والے اثرات کے حامل ہو سکتے ہوں۔ آزادی تعمیل کی کلید ہے۔ کولگیٹ کو اپنی متعدد کاروباری سرگرمیوں میں آزادانہ طریقے سے کام کرنا چاہیے:

- ✔ قیمت کا تعین
- ✔ قیمتوں میں چھوٹ یا پروموشنز
- ✔ خرید و فروخت کی شرائط
- ✔ گاہکوں، تقسیم کاروں یا سپلائرز کا انتخاب
- ✔ جو مصنوعات تیار کرنی ہیں اور جتنی مقدار میں فروخت کرنی ہیں، ان کی چوائسز
- ✔ ملازمین کی تقرری

یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ کسی غیر قانونی معاہدے کا رسمی دستاویز کی صورت میں ہونا اور تحریری شکل میں ہونا بھی ضروری نہیں ہے۔ یہ زبانی معاہدہ ہو سکتا ہے یا محض کاروباری طرز عمل کی انجام دہی سے یا اتفاقی تبصرے سے اخذ کیا جا سکتا ہے۔ معاہدے کو غیر قانونی حیثیت حاصل ہونے کے لیے اس کا کامیابی کے ساتھ نافذ العمل ہونا بھی ضروری نہیں ہے۔

جب حریف حالیہ یا آئندہ کاروباری منصوبوں (جیسے، قیمت میں منصوبہ بند اضافہ، سپلائرز کے ذریعہ عائد کردہ اخراجات، نئی مصنوع کا آغاز، ملازمین کی بحالی اور تقرری وغیرہ) کے بارے میں خفیہ یا غیر عوامی معلومات کا اشتراک یا اسے حاصل کریں تو، کمپنیوں کی آزادی متاثر ہو سکتی ہے، اور ایک غیر قانونی معاہدہ وجود پا سکتا ہے۔ تجارتی انجمن کے سروے اور میٹنگز کے دوران اس چیز کو ذہن میں رکھنا خاص طور پر اہم ہے۔ عام طور پر، جس کسی میٹنگ میں حریف موجود ہو سکتا ہو اس میں شرکت کرنے سے قبل آپ کو گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے منظوری حاصل کرنی چاہیے (خواہ وہ شخصی، ورچوئل یا سوشل میڈیا پلیٹ فارمز جیسے Facebook یا Whatsapp کے توسط سے ہو)۔ آپ کو حریفوں کے ساتھ کمپنی کی خفیہ معلومات کا اشتراک ہرگز نہیں کرنا چاہیے۔

اگر آپ کو حریف کے بارے میں ایسی معلومات حاصل ہوتی ہیں جو آپ کے یقین کے مطابق خفیہ ہو سکتی ہیں تو، آپ کو فوری طور پر گلوبل لیگل آرگنائزیشن کو مطلع کرنا چاہیے۔ آپ کو پہلے لیگل سے منظوری حاصل کیے بغیر ان معلومات کا استعمال یا اشتراک ہرگز نہیں کرنا چاہیے۔

مسابقت کے قوانین غالب کمپنیوں کے ذریعہ لوٹ مار یا غیر منصفانہ افعال سے بھی تحفظ دیتے ہیں تا کہ یہ یقینی بنایا جائے کہ مسابقتی کھیل کا میدان کھلا اور منصفانہ ہے۔ جو کارروائیاں غیر غالب کمپینوں کے ذریعہ اپنائی جانے پر قانونی ہوں گی وہ غالب کھلاڑیوں کے ذریعہ اپنائی جانے پر غیر قانونی خیال کی جا سکتی ہیں۔ جن ممالک میں کولگیٹ کا بازار میں کافی مضبوط حصہ ہے وہاں، آپ کو اپنے مقامی قانونی نمائندے سے پوچھ کر یقینی بنا لینا چاہیے کہ مخصوص تصور کردہ کارروائیوں (جیسے قیمتوں میں چھوٹ کی کوئی خاص پالیسی یا فروخت کرنے سے انکار) کو غالب درجے کا بیجا استعمال خیال نہیں کیا جائے گا۔

مسابقت کے قوانین سپلائرز اور ان کے گاہکوں اور تقسیم کاروں کے بیچ تعلقات پر مخصوص پابندیاں بھی عائد کرتے ہیں۔ بیشتر ممالک میں گاہکوں یا تقسیم کاروں کو قیمتوں یا فروخت کی شرائط و ضوابط کا تعین کرنے کی ان کی آزادی سے محروم کرنے، یا آزادانہ طور پر کام کرنے کے ان کے حق کو محدود کرنے کی کسی کوشش سے مسابقت کے قوانین کی خلاف ورزی ہوتی ہے۔ ہمارے گاہکوں کو یہ تاکید کرنا ضروری ہے کہ ہماری "تجویز کردہ خردہ فروشی (یا باز فروشی) کی قیمتیں" محض ایک تجویز کی حیثیت ہی رکھتی ہیں۔ گاہک جتنی قیمت پر فروخت کرنا چاہیں فروخت کرنے کو ہمیشہ آزاد ہیں۔

مسابقت کے قوانین کی خلاف ورزی کرنے کے عواقب کافی سنگین ہوتے ہیں اور ان کا نتیجہ کمپنی کے لیے بھاری جرمانے اور اس میں ملوث افراد کے لیے سزاؤں (بشمول قید) کی شکل میں برآمد ہو سکتا ہے۔ حتی کہ امکانی مسابقت مخالف برتاؤ کی تفتیش کی وجہ سے بھی ساکھ کو زبردست نقصان پہنچ سکتا ہے اور کاروبار میں خلل پڑ سکتا ہے۔

اگر آپ کو اس بابت شبہ ہو کہ آیا تصور کردہ عمل سے مسابقت کے قوانین کے تحت مسائل پیدا ہو سکتے ہیں تو، آپ کو گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے رجوع کرنا چاہیے۔

کولگیٹ کے افراد مسابقت کے قوانین سے متعلق کمپنی کے رہنما خطوط سے رجوع کر کے اضافی معلومات حاصل کر سکتے ہیں، جو کہ **کاروباری طریق عمل کے رہنما خطوط** سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

## ہم تمسکات کے قوانین کی تعمیل کرتے ہیں

بسا اوقات آپ کی رسائی کولگیٹ یا عوامی طور پر تجارت کرنے والی ان دیگر کمپنیوں کے بارے میں جن کے ساتھ کولگیٹ کاروبار کرتی ہے، ایسی معلومات تک ہو سکتی ہے جو عوام کو معلوم نہیں ہوتی ہیں ("غیر عوامی معلومات") — جیسے مالی یا کار گزاری کے نتائج، ممکنہ انضمام یا اکتسابات، مراجعت یا مالیہ کاری، مارکیٹنگ کے منصوبے یا نئی مصنوع کا تعارف۔

معلومات کو اس وقت تک غیر عوامی مانا جاتا ہے جب تک عوام کے سامنے معقول طور پر اس کا افشاء نہ ہو جائے - دوسرے لفظوں میں، معلومات کے وسیع پیمانے پر عام ہو جانے اور تمسکات کے بازار کو ان معلومات پر ردعمل کرنے کے لیے

کافی وقت گزر جانے تک۔ اگر ان غیر عوامی معلومات کو "اہم" مانا جا سکتا ہو — مطلب یہ کہ، کوئی ہوشیار سرمایہ کار سرمایہ کاری کا فیصلہ کرتے وقت ان معلومات کو زیر غور لائے گا — تو پھر آپ کو درج ذیل تمسکات کے قوانین اور کمپنی کی پالیسی پر عمل کرنا چاہیے:

- آپ کو خود اپنے اکاؤنٹ کے لیے یا کسی دوسرے فرد کے اکاؤنٹ کے لیے اس فرم (کولگیٹ یا دیگر) کے اسٹاکس، بونڈز یا دیگر تمسکات میں تجارت نہیں کرنی چاہیے جس سے ان اہم غیر عوامی معلومات کا تعلق ہے؛
- آپ کو اس طرح کی غیر عوامی معلومات کی بنا پر، دوسروں کو ایسی فرموں کے اسٹاکس، بونڈز یا دیگر تمسکات میں لین دین کرنے کی ترغیب یا تحریص نہیں دینی چاہیے؛
- آپ کو اس طرح کی غیر عوامی معلومات کا ا فشاء کولگیٹ سے باہر کے افراد پر نہیں کرنا چاہیے؛ اور
- آپ کو کولگیٹ کے اندر کے افراد کے ساتھ اس طرح کی غیر عوامی معلومات پر گفتگو نہیں کرنی چاہیے الّا یہ کہ ایسی معلومات کا جاننا ان کے لیے ضروری ہو۔

دوسرے لفظوں میں، آپ کولگیٹ میں اپنی ملازمت کے ذریعہ اپنے علم میں آنے والی غیر عوامی معلومات کو کسی تمسکات یا سرمایہ کاری کے لین دین میں خود کو یا دوسروں کو فائدہ پہنچانے کے لیے استعمال نہیں کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کو کولگیٹ میں اپنے کام کی وجہ سے کسی غیر عوامی معلومات کا علم ہوتا ہے تو، آپ کو ان معلومات کو خفیہ رکھنے کا خیال رکھنا چاہیے، اور آپ کو کولگیٹ یا کسی دیگر متاثرہ کمپنیوں کے تمسکات میں کوئی تجارت تب تک نہیں کرنی چاہیے (یا کسی اور کو کوئی تجارت کرنے کا مشورہ نہیں دینا چاہیے) جب تک عوام کے سامنے ان معلومات کا اعلان کیے جانے کے بعد سے ایک معقول عرصہ نہ گزر جائے۔ اس ممانعت میں کمپنی کے مراعاتی منصوبوں کے ذریعہ اسٹاک آپشنز کو بروئے کار لانا اور کولگیٹ کے اسٹاک میں سرمایہ لگانے یا سرمایہ نکالنے کے فیصلے شامل ہیں۔

غیر عوامی معلومات کی رازداری برقرار رکھنے کی آپ کی جوابدہی کولگیٹ کے ساتھ آپ کی ملازمت کے بعد تب تک برقرار رہتی ہے جب تک عوام کے سامنے ان معلومات کا معقول طریقے سے افشاء نہ کر دیا جائے۔

اگر اس بابت آپ کا سوال ہے کہ آیا معلومات "اہم" ہیں یا عوام کے سامنے معقول طور پر ان کا افشاء ہو گیا ہے تو، آپ کو گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے رابطہ کرنا چاہیے اور متاثرہ تمسکات میں تجارت کرنے یا معلومات کا افشاء کرنے سے تب تک باز رہنا چاہیے جب تک آپ کو لیگل سے منظوری نہ مل جائے۔

## ہم رشوت مخالف قوانین کی تعمیل کرتے ہیں

حکومتوں اور حکومتی اہلکاروں کے ساتھ قانونی طور پر اور اخلاقی انداز میں معاملہ کرنے کی کولگیٹ کی عہد بستگی کا اطلاق پوری دنیا میں ہوتا ہے۔ کمپنی کی پالیسی نیز یو ایس فارن کرپٹ پریکٹسز ایکٹ ("FCPA") اور دنیا بھر کے اس سے ملتے جلتے رشوت مخالف قوانین ہمارے لوگوں یا ہمارے کاروبار کے سلسلے میں ہماری جانب سے کام کرنے والے کسی بھی شخص کو کاروباری لین دین یا کسی سرکاری فعل یا فیصلے پر اثر انداز ہونے کے واسطے کسی سرکاری اہلکار کو بلا واسطہ یا بالواسطہ مالیت والی کوئی بھی چیز دینے یا پیش کرنے کو ممنوع قرار دیتے ہیں۔

کمپنی کی پالیسی اور مخصوص قابل اطلاق قوانین کسی سرکاری خدمت یا کام کو تیز گام بنانے کے واسطے سرکاری اہلکاروں کو، بلا واسطہ یا بالواسطہ کی گئی کسی سہولت رسانی

والی یا "خوشامدانہ" ادائیگیوں کو بھی ممنوع قرار دیتے ہیں (مثلاً، کولگیٹ کی درخواست کو قطار میں آگے پہنچانے کے لیے یا جتنے عرصے میں خدمات یا دیگر کارروائیاں فراہم کی جاتی ہیں اس عرصے کو مختصر کرنے کے لیے، کسی اہلکار کو کی گئی معمولی ادائیگیاں)۔ حکومت کی جاری کردہ انوائسز یا رسیدوں سے تائید یافتہ کوئی سرکاری فیس نامناسب ادائیگیوں کے زمرے میں نہیں آتی ہے۔

یہ یقینی بنانے کے لیے کہ آپ بلا واسطہ طور پر یا تیسرے فریق کی معرفت، اس معیار کی خلاف ورزی نہ کریں، کمپنی کی یہ پالیسی ہے کہ ایک سرکاری رسید سے تائید یافتہ قانونی طور پر لازم قرار دی گئی فیس (مثلاً پرمٹ یا لائسنس فیس) کو چھوڑ کر، کوئی بھی ادائیگی، تفریح، سفر، تحائف یا مالیت والے دیگر آئٹمز، رقم کی مالیت سے قطع نظر، سرکاری اہلکاروں کو فراہم یا پیش نہیں کیے جا سکتے ہیں، الّا یہ کہ گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے پیشگی طور پر منظور شدہ ہو۔

کولگیٹ کے افراد **سرکاری اخراجات کی عالمی پالیسی** اور متعلقہ **منظوری فارم** سے رجوع کر کے اضافی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

یہ جان لینا ضروری ہے کہ "سرکاری اہلکاران" کی اصطلاح کی وسیع پیمانے پر تعریف کی گئی ہے اور اس میں ایسے افراد شامل ہیں جو کسی سرکاری یا ریاست سے الحاق یافتہ ادارے یا تنظیم کے ملازم ہوں یا جو کل وقتی، جز وقتی یا بلامعاوضہ، کسی بھی طریقے سے کسی سرکاری حیثیت میں کام کرتے ہوں۔ سرکاری اہلکاران حکومت اور عوامی زندگی کی ہر شاخ میں اور ہر سطح پر مل سکتے ہیں اور اس میں ادنیٰ سطح کے کسٹمز کے ملازمین سے لے کر اعلیٰ درجے کے قانون ساز، نیز پروفیسرز اور اساتذہ، معالج دندان، مویشیوں کے معالج یا دیگر پیشہ ور افراد اور کلیدی فکری قائدین اور ریاست کے زیر ملکیت میڈیا آؤٹ لیٹس کے ملازمین، شامل ہو سکتے ہیں۔ اگر اس ضمن میں آپ کو شبہ ہے کہ آیا کسی فرد کو سرکاری اہلکار خیال کیا جا سکتا ہے تو آپ کو گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے رابطہ کرنا چاہیے۔

سرکاری ملازمین کے ساتھ معاملات اور مواصلات میں ہمیشہ براہ راست اور ایماندار رہیں۔ سرکاری ملازمین کے سامنے کوئی بھی جان بوجھ کر یا عمداً غلط بیانات (زبانی یا تحریری) آپ اور کمپنی دونوں ہی کو اچھے خاصے جرمانوں کی زد میں لا سکتے ہیں۔

سرکاری اہلکاروں کو رشوت ستانی کو ممنوع قرار دینے کے علاوہ، کمپنی کی پالیسی اور متعلقہ قوانین نجی فریقوں کو بھی رشوت ستانی کو ممنوع قرار دیتے ہیں۔ آپ جس کسی خارجی فریق کے ساتھ کمپنی کا کاروبار انجام دیتے ہیں، اس سے تحائف، ادائیگیوں یا دیگر فوائد کا وعدہ کر کے، یا کسی دیگر غیر قانونی ترغیب کے ذریعہ آپ کو اس کی فہم یا برتاؤ پر اثر انداز ہونے کا خواہاں نہیں ہونا چاہیے۔

کولگیٹ کے افراد سرکاری ملازمین اور حکومتوں کے ساتھ معاملات سے متعلق کمپنی کے رہنما خطوط سے رجوع کر کے اضافی معلومات حاصل کر سکتے ہیں جو کہ **کاروباری طریق عمل کے رہنما خطوط** سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

## ہم بین الاقوامی تجارتی ضوابط کی تعمیل کرتے ہیں

کمپنی بین الاقوامی تجارت پر نافذ سبھی قابل اطلاق قوانین کی تعمیل کرتی ہے اور اسے متعلقہ امریکی تجارتی ضوابط کی بھی تعمیل کرنی چاہیے اس بات سے قطع نظر کہ ہم دنیا میں کہاں پر کام کرتے ہیں۔

تجارتی پابندی کے قوانین درآمدات اور برآمدات کو منضبط کرتے ہیں اور کمپنی کے لیے مخصوص ممالک یا مخصوص

افراد یا اداروں کے ساتھ تجارت کرنے کو ممنوع قرار دے سکتے ہیں۔ کسی تیسرے فریق (وینڈر، گاہک، وغیرہ) سے معاہدہ کرنے سے پہلے، امریکی حکومت کی تیار کردہ "پابند فریقوں" کی فہرستیں سامنے رکھ کر اس تیسرے فریق کو چیک کرنا چاہیے تاکہ یہ یقینی ہو جائے کہ کمپنی لین دین آگے بڑھانے کے لیے آزاد ہے۔

اس کے علاوہ کمپنی کو لازماً ان امریکی قوانین کی تعمیل کرنی چاہیے جنہیں اس بات کو یقینی بنانے کے لیے تیار کیا گیا ہے کہ امریکی کمپنیاں اس طرح کے بائیکاٹ میں شامل نہیں ہوتی ہیں جنہیں امریکہ نے منظور نہیں کیا ہے۔ ان قوانین کا اطلاق کولگیٹ کے جملہ دفاتر، ملازمین، ذیلی اداروں اور شریک کمپنیوں پر ہوتا ہے اس سے قطع نظر کہ وہ دنیا میں کس جگہ پر واقع ہیں۔ مناسب کارروائی کے لیے غیر منظور شدہ کسی بائیکاٹ میں شامل ہونے کی کسی بھی درخواست کی اطلاع (خواہ ہم اس درخواست کو مسترد کرتے ہوں) لازمی طور پر گلوبل لیگل آرگنائزیشن کو کی جانی چاہیے۔

کولگیٹ کے افراد بین الاقوامی تجارتی تعلقات سے متعلق کمپنی کے رہنما خطوط سے رجوع کر کے اضافی معلومات حاصل کر سکتے ہیں، جو کہ **کاروباری طریق عمل کے رہنما خطوط** سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

## ہم ڈیٹا کی رازداری اور ڈیٹا کے تحفظ کے قوانین کی تعمیل کرتے ہیں

کولگیٹ اپنے ملازمین، صارفین، گاہکوں، سپلائرز اور ان دیگر تیسرے فریقوں کی رازداری کا احترام کرتی ہے جن کے ساتھ کولگیٹ کا کاروباری تعلق ہے اور اسی وجہ سے، ہم ذاتی ڈیٹا کو ذمہ دارانہ انداز میں اور ڈیٹا کی رازداری اور ڈیٹا کے تحفظ کے سبھی قابل اطلاق قوانین کے مطابق نمٹاتے ہیں۔

کولگیٹ کے ساتھ اپنی ملازمت کے حصے کے طور پر، ملازمین کمپنی کو مخصوص ذاتی ڈیٹا جیسے گھر اور ای میل کا پتہ، اور کنبہ کی معلومات ملازمت کا تعلق شروع کرنے کی غرض سے فراہم کر سکتے ہیں۔

اسی طرح، ہمارے صارفین کمپنی کے ساتھ اپنے رشتے کے تعلق سے ذاتی ڈیٹا فراہم کر سکتے ہیں جیسے نام، گھر اور ای میل کا پتہ۔

کولگیٹ کے ساتھ کاروباری تعلقات کی انجام دہی کے دوران، گاہک، سپلائرز اور دیگر تیسرے فریق کمپنی کو ذاتی ڈیٹا، جیسے نام، ٹیلیفون نمبرز، اسٹریٹ کے پتے، ای میل پتے اور کریڈٹ کارڈ کی معلومات فراہم کر سکتے ہیں۔

ان تمام معلومات کے سلسلے میں، کولگیٹ کی پالیسی حسب ذیل ہے:

- ذاتی ڈیٹا اکٹھا کرنے سے پہلے مناسب نوٹس فراہم کرنا؛
- جہاں کہیں قابل اطلاق قانون کے تحت ضروری ہو مثبت رضامندی حاصل کرنا؛
- ذاتی ڈیٹا کو صرف اسی مقصد کے لیے اکٹھا کرنا، اس پر کارروائی کرنا، اس کا استعمال کرنا اور اسے اپنی تحویل میں رکھنا جس کے لیے یہ ہمیں فراہم کیا گیا تھا، الّا یہ کہ ہمارے پاس دوسرے استعمال کے لیے قانونی بنیاد موجود ہو، اور جیسا کہ ریکارڈ رکھنے کے ہمارے مقاصد کے لیے ضروری ہو؛
- غیر مجاز افشاء یا استعمال کو روکنے کے لیے ذاتی ڈیٹا کی نگہبانی کرنے کے لیے معقول اقدامات کرنا؛ اور
- رازداری کے سبھی قابل اطلاق قوانین کی تعمیل کرنا۔

ڈیٹا کی رازداری اور ڈیٹا کے تحفظ کے سلسلے میں قوانین اکثر ہی تیار کیے جاتے ہیں اور ان میں ترمیم کی جاتی ہے۔ ہم

ڈیٹا کی رازداری اور ڈیٹا کے تحفظ کے ارتقاء پذیر قوانین پر نگاہ رکھنے کے پابند عہد ہیں، اور وقتاً فوقتاً، ان کی روشنی میں مخصوص پالیسیاں تیار کر سکتے ہیں۔

کولگیٹ کے افراد **ڈیٹا کی رازداری اور ڈیٹا کے تحفظ** سے متعلق اضافی معلومات کمپنی کے رہنما خطوط سے رجوع کر کے حاصل کر سکتے ہیں، جو کہ کاروباری طریق عمل کے رہنما خطوط سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

## ہم ریکارڈز سنبھالے رکھنے کے قوانین کی تعمیل کرتے ہیں

دنیا بھر کے بہت سارے قوانین کا تقاضا ہے کہ کولگیٹ مخصوص قسم کے ریکارڈز (بشمول کاغذی دستاویزات اور الیکٹرانک ڈیٹا) کو مخصوص عرصے تک سنبھال کر رکھے۔ ان تقاضوں کی تعمیل نہ کر پانا کمپنی کو بھاری جرمانوں اور دیگر ہرجانوں کا مستوجب بنا سکتا ہے۔ کولگیٹ ریکارڈز کے نظم و نسق کے ایسے پروگرام کی پابند عہد ہے جو سبھی قابل اطلاق قانونی و انضباطی تقاضوں پر پورا اترتا ہو، ہمارے کاروبار کی معلومات کو سنبھالے رکھنے کی ضروریات کی تکمیل کرتا ہو، اور ہدایت کرتا ہو کہ فرسودہ اور غیر ضروری ریکارڈز اور دوسری دستاویزات کو مناسب طریقے سے ضائع کر دیا جائے۔

آپ سے قانون کے تقاضے کے مطابق کسی قانونی کارروائی، تفتیش یا عدالتی کارروائی میں متعلقہ اور لازمی معلومات یا دستاویزات کا افشاء کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔ کمپنی کی معلومات یا دستاویزات کے افشاء کا مطالبہ کرنے والا کوئی پروانۂ طلبی، عدالتی فرمان یا دیگر قانونی کارروائی کے موصول ہونے پر، آپ سے قانون کے ذریعہ مجاز حد تک، گلوبل لیگل آرگنائزیشن کو مطلع کرنے کا مطالبہ کیا جاتا ہے۔

ایسی صورت میں، ریکارڈ سنبھالے رکھنے کے پروگرام کے تقاضوں سے قطع نظر، آپ کو گلوبل لیگل آرگنائزیشن کے ذریعہ فراہم کردہ سبھی ہدایات پر عمل کرنا اور وہ سبھی ریکارڈ سنبھال کر رکھنا چاہیے جو پروانۂ طلبی، چارہ جوئی یا تفتیش کے لیے موافق یا اس سے متعلق ہو سکتا ہو۔ آپ کو اس طرح کے ریکارڈز ضائع یا ان میں ہیر پھیر نہیں کرنا چاہیے، کیونکہ ریکارڈز کی نامناسب تلفی سے آپ اور کمپنی دونوں ہی کے لیے سنگین عواقب - بشمول دیوانی اور/یا فوجداری جرمانے اور ملازمت سے متعلقہ نتائج برآمد ہو سکتے ہیں۔

اگر کسی ریکارڈ کے ضمن میں آپ کا سوال ہے کہ آیا یہ کسی تفتیش ، چارہ جوئی یا پروانۂ طلبی سے متعلق ہے تو، زیر بحث ریکارڈ کو ضائع کرنے سے پہلے گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے رابطہ کریں۔ کولگیٹ کے افراد ریکارڈز کے نظم و نسق کے پروگرام کی عالمی پالیسی سے رجوع کر کے اضافی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

## ہم سیاسی تعاون نہیں کرتے ہیں

کمپنی کا کوئی بھی سرمایہ یا اثاثہ کسی بھی ملک میں حکومت کی کسی بھی سطح پر، کسی سیاسی پارٹی یا امیدوار کے، تعاون کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا ہے۔ سیاسی تعاون میں مالی اور غیر مالی دونوں طرح کے تعاون شامل ہیں۔ غیر مالی تعاون میں چندہ وصولی کی ٹکٹوں کی خریداری، مصنوعات کا عطیہ، معمول کے کاروباری اوقات میں کولگیٹ کے افراد کے ذریعہ رضاکارانہ کام اور چندہ وصولی یا سیاسی مقاصد کے لیے کولگیٹ کی سہولیات کا استعمال کرنا شامل ہے۔ اگر کسی تصور کردہ سیاسی تعاون کے سلسلے میں آپ کے سوالات ہیں تو، برائے مہربانی گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے رابطہ کریں۔

کولگیٹ کے کسی فرد یا کمپنی کے ساتھ وابستہ کسی شخص (بشمول خارجی لابی سازوں یا دیگر تیسرے فریقوں) کو سیاسی تعاون کی خاطر، بلا واسطہ یا بالواسطہ، کسی بھی شکل میں معاوضہ دینے یا باز ادائیگی کرنے سے کمپنی کو منع کیا گیا ہے۔

کولگیٹ کے افراد انفرادی طور پر اپنی پسند کے امیدواروں یا پارٹیوں کے ساتھ ذاتی تعاون کرنے کے لیے بدستور آزاد ہیں۔ انفرادی تعاون فرد کی ذمہ داری ہے اور کسی بھی طرح سے کولگیٹ یا اس کی کسی مصروف عمل کمپنی کی اعانت کرنے کے ارادے سے ہرگز نہیں کیا جانا چاہیے۔

اس کے علاوہ، افراد مقامی سیاسی سرگرمیوں میں شامل ہونے یا امیدوار بننے کے لیے آزاد ہیں مگر انہیں لازمی طور پر واضح ہونا چاہیے کہ وہ کسی صورت سے کمپنی کی نمائندگی نہیں کر رہے ہیں اور شخصی سیاسی سرگرمیاں لازمی طور پر کولگیٹ کے لیے ان کے کام سے علیحدہ رکھی جانی چاہئیں۔ اس کے علاوہ، کمپنی کے وقت میں کوئی بھی سیاسی سرگرمیاں انجام نہیں دی جا سکتی ہیں۔

بیشتر کثیر ملکی کمپنیوں کی طرح، کولگیٹ کا تعلق کئی ایک تجارتی و صنعتی انجمنوں سے ہے اور وہ سالانہ واجبات ادا کرتی ہے۔ اس امر کو یقینی بنانے کے لیے کہ یہ تجارتی انجمنیں کولگیٹ کے واجبات کا کوئی بھی حصہ سیاسی تعاون کے لیے استعمال نہ کریں، کولگیٹ کا چیف ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسر ریاستہائے متحدہ کی ان سبھی تجارتی انجمنوں کو جن میں کولگیٹ ایک ادائیگی کنندہ رکن ہے، ہماری پالیسی کی ایک یاد دہانی سالانہ بنیادوں پر بھیجتا ہے اور کولگیٹ کے سرمایے کی ایک تعریف کردہ کم از کم رقم حاصل کرنے والی سبھی تجارتی انجمنوں سے سالانہ استناد کی کارروائی میں شرکت کرنے کا مطالبہ کرتا ہے۔

مزید جاننے کے لیے، برائے مہربانی ہماری **سیاسی تعاون کی پالیسی** سے رجوع کریں، جو colgatepalmolive.com کے "گورنینس" والے سیکشن میں مل سکتی ہے۔

# معاشرے کے ساتھ
# ہمارا تعلق

جن معاشروں میں ہم رہتے اور کام کرتے ہیں ان کے لیے تعاون پیش کرنا اور ان کے بہترین مفاد میں کام کرنا ہماری ایک اہم ذمہ داری اور جوابدہی ہے۔

## ہم مقامی طور پر عطیات دینے اور رضاکارانہ خدمت کی انجام دہی میں شرکت کرتے ہیں

کولگیٹ کی پوری دنیا میں، تمام لوگوں، ان کے پالتو جانوروں اور ہمارے کرۂ ارض کے لیے زیادہ صحت مند مستقبل کا دوبارہ تصور کرنے کے ہمارے مقصد کو آگے بڑھانے کے لیے پروجیکٹوں میں حصّہ لینا ہمارا مقصد ہے – جس میں ہماری مقامی کمیونٹیوں کی ترقی و بہبود شامل ہیں۔
جن لوگوں کو ہم خدمات فراہم کرتے ہیں ان کی خیر و عافیت کو یقینی بنانے، ہمہ گیریت کی ایک ثقافت کی تعمیر اور کولگیٹ کے اندر اور باہر کامیاب ہونے کے لیے تمام لوگوں کے لیے با معنی مواقع کی تخلیق کے تئیں ہم پابند عہد ہیں – اور ہم ایسی غیر منفعتی تنظیموں کے ساتھ شراکت داری کرتے ہیں جو کولگیٹ کے مقصد کی عکاسی اور کولگیٹ کی اقدار کی ترسیل کرتی ہیں۔

1) صحت مند مسکراہٹوں اور صحت مند جلد کی حفاظت کرنا؛

2) متنوع اور کم نمائندگی والے طلبہ اور کولگیٹ کے پیشوں کے لیے تعلیمی راستے تخلیق کرنا (ڈینٹسٹری، ڈرمیٹولوجی اور اسکن کیئر، ویٹرنری سائنس)؛

3) پالتو جانوروں کے لیے ہر جگہ کھانا، شیلٹر، دیکھ بھال فراہم کرنا؛

4) ماحولیاتی نگرانی کو فروغ کرنا؛

5) امید پرستی کی حمایت کرنا؛ اور

6) کولگیٹ کمیونٹیوں میں آفات کے سلسلہ میں راحت رسانی اور ہنگامی دیکھ بھال فراہم کرنا۔

کمپنی پوری دنیا میں خواندگی پروگراموں، ناصحانہ پیش قدمیوں، اسکالرشپ پروگراموں، ایتھلیٹک مقابلوں اور دیگر سرگرمیوں کی کفالت کرتی ہے۔ کمپنی ہمارے لوگوں کو اپنی پسند کی مقامی رفاہی سرگرمیوں میں خود اپنے وقت کے لحاظ سے شرکت کرنے کی بھی ترغیب دیتی ہے جس سے ہمارے مقصد کے حصول میں آسانی ہوتی ہے۔

## ہم اپنے کاروبار پر اثر انداز ہونے والے امور پر حکومتوں کے ساتھ کام کرتے ہیں

ہماری کمپنی 200 سے زائد ممالک اور خطوں میں کاروبار کرتی ہے۔ ہماری یہ پالیسی ہے کہ مقامی اور ملکی حکومتوں کے ساتھ باہمی تعاون کے انداز میں کام کیا جائے۔ وقتاً فوقتاً ہمارے کاموں کو متاثر کرنے والے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ محتاط طریقے سے غور و خوض کرنے کے بعد، کمپنی ہمارے کاروباری اہداف اور ضروریات میں مدد کے لیے مخصوص امور پر حکومتوں کو آراء اور تجاویز پیش کر سکتی ہے۔ تاہم، پہلے آپ کے مینیجر اور گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے رجوع کیے بغیر یہ کام ہرگز نہیں ہونا چاہیے۔

## ہم استحصالی، غیر انسانی مزدوری کے طرز عمل کی مخالفت کرتے ہیں

کولگیٹ بچہ مزدوری کے غیر قانونی استعمال، انسانوں کے استحصال اور کارکنان کے ساتھ ناقابل قبول برتاؤ کی دیگر سبھی قسموں کی مخالفت کرتی ہے۔

اس کے علاوہ، کولگیٹ کی یہ پالیسی ہے کہ کسی بھی ایسے سپلائر یا ٹھیکیدار کے ساتھ کام نہ کیا جائے جس کے بارے میں مزدوری کے غیر انسانی طریق عمل استعمال کرنے کا علم ہو، جس میں درج ذیل چیزیں شامل ہیں مگر یہ انہی تک محدود نہیں ہیں:

- استحصال
- جسمانی سزا
- بد سلوکی
- جیل مزدوری، بندھوا مزدوری اور / یا غلام مزدوری
- غیر اختیاری محکومی
- انسانوں کی تجارت کی کوئی بھی صورت یا
- ناروا سلوک کی دیگر شکلیں

کولگیٹ مزدوری کے قوانین کی خلاف ورزی کو برداشت نہیں کرتی ہے اور اگر کوئی بھی خلاف ورزی کمپنی کے علم میں آتی ہے تو، اسے کاروباری تعلقات منقطع کرنے کی بنیاد خیال کیا جائے گا۔

## ہم عالمگیر انسانی حقوق کے تئیں اپنی عہد بستگی کا اظہار کرتے ہیں

کولگیٹ دنیا بھر میں انسانی حقوق اور مزدور کے حقوق کا احترام کرنے کی طویل عرصے سے پابند عہد ہے اور اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے عالمی منشور کی تائید کرتی ہے، نیز یہ گلوبل سلّیون پرنسپلز (Global Sullivan Principles) کا رکن تاسیسی تھی۔ اس کے علاوہ کولگیٹ نے کنزیومر گوڈز فورم (Consumer Goods Forum) کی جبری مزدوری سے متعلق قرارداد کے تئیں اپنی عہد بستگی کا اقرار کیا ہے اور اس کے ترجیحی صنعتی ضابطوں کو اپنایا ہے۔ ان عہد بستگیوں کی عکاسی کے لیے، کولگیٹ درج ذیل معیارات کا استعمال کرتی ہے اور انہیں فروغ دینے والے کاروباری شراکت داروں کے ساتھ کام کرنے کی خواہاں ہے:

- ✔ نسل، رنگ، مذہب، صنف، صنفی شناخت، قومی پس منظر، شہریت، نسلی پس منظر، عمر، جنسی رجحان، معذوری، ازدواجی یا عائلی حیثیت، سابقہ فوجی حیثیت یا قانون کے ذریعہ تحفظ یافتہ کسی دیگر صفت سے قطع نظر سبھی سطحوں پر سبھی ملازمین کے لیے مساوی موقع؛
- ✔ ایک محفوظ اور صحتمند جائے کار جو بہبود کو فروغ دیتی ہو اور ماحولیات کا تحفظ کرتی ہو؛
- ✔ اجرتیں جو کہ تمام قابل اطلاق قوانین اور ضابطوں سے ہم آہنگ ہوں؛
- ✔ قانونی طور پر لازم قرار دیے گئے کام کے گھنٹوں کی تعمیل اور مقامی قوانین کے مطابق اضافی گھنٹوں کا معاوضہ؛
- ✔ ایسوسی ایشن بنانے کی ملازمین کی قانونی آزادی کا احترام اور منظم ہونے اور اجتماعی سودے کاری کے سبھی قانونی حقوق کو تسلیم کرنا؛
- ✔ بھرتی، تقرری اور ملازمت کی کارروائیاں جن کے لیے کارکنوں کو کوئی فیس یا ڈیپازٹ ادا کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی (مالی یا غیر مالی)، بشمول کسی ایجنسی، بھرتی کرنے والے ادارے یا دلال کو؛
- ✔ بھرتی، تقرری اور ملازمت کی کارروائیاں جن کے لیے، سوائے اس کے کہ از روئے قانون ضروری ہو، کارکنوں کو اصل شناختی دستاویزات، سفری دستاویزات یا دیگر نجی دستاویزات یا قیمتی اشیاء جمع کروانے کی ضرورت نہیں ہوتی، یا جو بصورت دیگر حرکت کی ان کی آزادی کو محدود کرتی ہوں؛
- ✔ ملازمت جو کہ ملازم کی ملازمت کے رشتے میں داخل ہونے اور اسے منسوخ کرنے کے لیے آزاد اور با خبر رضامندی پر مبنی ہو؛ اور
- ✔ اجرتوں کی ادائیگی، ملازمت کے تعلق کی پوری مدت میں اور ملازمت کی منسوخی کے وقت، جو کہ معاہدہ کی شرائط کے مطابق ہو یا جیسا از روئے قانون ضروری ہو۔

# ماحول کے ساتھ
# ہمارا تعلق

ہم لوگ ذمہ داری کے ساتھ کام کرنے اور زمین کے محدود وسائل کو سنبھال کر رکھنے اور اپنے کرّہ ارض کی خیروعافیت کو برقرار رکھنے میں مدد کے لیے اپنے حصے کا کام کرنے کے لیے پر عزم ہیں۔

## ہم پائیداری اور سماجی ذمہ داری کے پابند عہد ہیں

کولگیٹ میں، ہم پائیداری پر ویسی ہی گہری توجہ دیتے ہیں جو ہم اپنے کاروبار کے سبھی پہلوؤں پر دیتے ہیں۔ کولگیٹ نے ہمیشہ پائیداری کے اصولوں کی تائید کی ہے، اور ہماری بنیادی اقدار - خیال رکھنا، گلوبل ٹیم ورک اور مسلسل اصلاح - پائیداری کی ہماری کوششوں کی رہنمائی کرتی ہیں۔ ہم اپنی خواہشات کو محرک سماجی اثر، لاکھوں گھروں کی امداد اور اپنے ماحول کی حفاظت کرنے پر مرکوز رکھتے ہیں۔

اس کے علاوہ، ہم یہ یقینی بنانے کے لیے اپنا عالمی پائیداری کا مقصد حاصل کرنے کے پابند عہد ہیں کہ کولگیٹ کا کاروبار مستقل طور پر اور ذمہ دارانہ انداز میں نمو پاتا رہے اور اس سے ان تمام حصص برداروں کو فائدہ پہنچے جنہیں ہم خدمات فراہم کرتے ہیں، بشمول ہمارے ملازمین، ہمارے حصص بردار، ہمارے صارفین، ہمارے گاہک اور عالمی سطح پر بیرونی پارٹنرز اور دیگر حصص برداران، جبکہ ساتھ ہی ساتھ آئندہ نسلوں کی بہبود کو بھی فروغ دیں۔

گزشتہ چند سالوں میں پائیداری اور سماجی ذمہ داری کے تئیں ہماری عہد بستگی بڑھ گئی ہے کیونکہ ہم نے ان خواہشات کو اپنے کاروباری اعمال اور ترقی کے اپنے اسٹریٹجک منصوبے میں مدغم کر دیا ہے۔ اس مدغم طریقے نے ہماری پائیداری اور سماجی ذمہ داری کے اثر اور ہماری کاروباری کارکردگی کو استحکام بخشا ہے، جو بہترین لیاقت والی افرادی قوت کو بھرتی کرنے اور اسے برقرار رکھنے میں ہماری مدد کر رہا ہے، ہمارے مستفیدین کے ساتھ ہمارا تعاون افزوں کر رہا ہے، اور اختراع کے نئے مواقع پیش کر رہا ہے۔ شاید سب سے اہم طور پر، اس عہد بستگی نے پوری دنیا میں کولگیٹ کے افراد کو پرجوش اور مصروف عمل کر دیا ہے۔

کمپنی کی پائیداری کے پروگرام اور پیشقدمیوں سے متعلق مزید معلومات کے لیے، ہماری **پائیداری سے متعلق رپورٹ** ملاحظہ کرنے کے لیے colgatepalmolive.com پر جائیں جہاں ہم اس بات کی وضاحت کرتے ہیں کہ ہم لوگ کس طرح تمام لوگوں، ان کے پالتو جانوروں اور اپنے کرۂ ارض کے لیے ایک زیادہ صحت مند مستقبل کا تصور پیش کرنے کے لیے اپنے مقصد کو پورا کرتے ہیں۔

## ہم کرّہ زمین کی نگہبانی اور تحفظ کرتے ہیں

کمپنی کرّہ زمین کے محدود وسائل کو محفوظ کرنے اور سنبھال کر رکھنے میں مدد کے لیے اپنے حصے کا کام کرنے کی پابند عہد ہے۔ کرّہ زمین سے متعلقہ ہماری عہد بستگی کا دائرہ توانائی کے ہمارے استعمال، کاربن کے اخراج، پانی کے استعمال اور کچرے کو دوبارہ استعمال کے قابل بنانے یا ٹھکانے لگانے تک پھیلا ہوا ہے۔ اسی وجہ سے، ہم سبھی کو قابل اطلاق ماحولیاتی قوانین و ضوابط اور وہ جن عوامی پالیسیوں کی نمائندگی کرتے ہیں، ان کی کلی طور پر اور سختی سے تعمیل کرنی چاہیے۔

ہم عوام کے ساتھ کھلم کھلا مواصلات کو فروغ دیتے ہیں اور جن معاشروں میں ہم کام کرتے ہیں ان کے ساتھ ایک فعال اور بارآور شراکت برقرار رکھتے ہیں۔ ہم اپنی ماحولیاتی حکمت عملی اور پروگراموں کے بارے میں صارفین کے ساتھ معلومات کا اشتراک کرنا اور معاشرے کے قائدین اور ہماری عہد بستگی کا اشتراک کرنے والے دوسرے لوگوں کے ساتھ کام کرنا جاری رکھیں گے۔

اپنے ماحولیاتی نقش پا کو کم کرنے کے لیے ہماری رواں حکمت عملی ہماری مصنوعات کی تیاری، پیکیجنگ، تقسیم اور مارکیٹنگ کا بدستور ایک لازمی حصہ رہے گی۔

# اپنے حصص برداروں کے ساتھ ہمارا تعلق

ہم لوگ اپنے حصص برداروں کے بہترین مفادات کے حصول کے لیے کوشش کرتے ہیں اور ایسی اختراعی مصنوعات تیار کرکے حصص برداروں کی قیمت کی تعمیر کرتے ہیں جن سے لوگوں کو، ان کے پالتو جانوروں اور ہمارے کرۂ ارض کو فائدہ ہو۔

## ہم اچھی کارپوریٹ نگرانی کی حمایت کرتے ہیں

کمپنی کی کارپوریٹ نگرانی کی پالیسیاں اور پروگرام، جن میں یہ ضابطۂ اخلاق ایک کلیدی جزو ہے، حصص بردار کے ایک اہم محافظ کا کام کرتے ہیں۔ حالیہ سالوں میں کانگریس، امریکی سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن، نیو یارک اسٹاک ایکسچینج، اور دنیا بھر کے دیگر انضباط کاروں اور حکام کے ذریعہ بہت سارے انضباطی قواعد رو بہ عمل لائے گئے ہیں تاکہ اس اخلاقی کارپوریٹ طور طریق کو فروغ دیا جائے جو کولگیٹ میں سالوں سے معیاری طریق عمل رہا ہے۔ خود مختار ڈائریکٹرز کی ایک اچھی خاصی اکثریت اور آڈٹ، معاوضہ و نگرانی کے امور پر نگاہ رکھنے والی خود مختار کمیٹیوں پر مشتمل ایک خود مختار بورڈ کے ذریعہ ہمارے سبھی حصص برداروں کی اچھی خدمت انجام دی جاتی ہے۔ کمیٹی کے تھوڑے تھوڑے وَقفے کے ساتھ تجدید شدہ منشور اور نگرانی کے رہنما خطوط ڈائریکٹر کے کردار اور ذمہ داریوں کو اور کمپنی کے کارپوریٹ نگرانی کے اصولوں کو واضح طریقے سے بیان کرتے ہیں۔

کمپنی کے کارپوریٹ نگرانی کے پروگرام کے سلسلے میں اضافی معلومات کے لیے، برائے مہربانی کارپوریٹ نگرانی کے اہم امور پر بورڈ کے رہنما خطوط اور کمپنی کی آڈٹ کمیٹی، نامزدگی، نگرانی اور کارپوریٹ ذمہ داری کمیٹی، اہلکار اور تنظیم سے متعلق کمیٹی اور فائنانس کمیٹی کے منشور دیکھیں۔

## ہم سرمایہ کار کا اعتماد بڑھانے کے لیے آڈٹ کا مستحکم پروگرام برقرار رکھتے ہیں

کمپنی اپنی مالی رپورٹوں کے معیار، راستبازی اور شفافیت کی پابند عہد ہے۔ اس عہد و پیمان کی عکاسی کمپنی کی طویل المدت پالیسیوں اور اسالیب کار میں ہوتی ہے، جس میں دنیا بھر میں مالی کنٹرولز کی نگرانی کرنے والا ایک داخلی آڈٹ گروپ، وسیع اختیارات کے حامل خود مختار آڈیٹرز، اور ان شعبوں پر نگاہ رکھنے والی ایک خود مختار آڈٹ کمیٹی شامل ہے۔ ان وسائل کی اثرانگیزی کو زیادہ سے زیادہ بڑھانے کے لیے، کولگیٹ کے افراد سے داخلی اور خارجی آڈیٹرز اور آڈٹ کمیٹیوں کے ساتھ کھلی اور ایماندارانہ مواصلت اور معلومات کے آزادانہ تبادلے میں شامل ہونے کی توقع کی جاتی ہے۔

کمپنی کے داخلی آڈیٹرز، خود مختار آڈیٹرز اور آڈٹ کمیٹی کے اہم کرداروں کے سلسلے میں اضافی معلومات کے لیے، برائے مہربانی **آڈٹ کمیٹی کا منشور** دیکھیں۔

## ہم حصص برداروں کو کمپنی کی پیشرفت کے بارے میں باخبر رکھتے ہیں

ہر سال حصص برداروں کو کمپنی کی سالانہ میٹنگ میں حاضر ہونے کی دعوت دی جاتی ہے جس میں پچھلے سال میں کمپنی کی پیشرفت کا جائزہ لیا جاتا ہے اور حصص برداروں کو کمپنی کی اعلیٰ انتظامیہ سے سوالات پوچھنے کا موقع ملتا ہے۔ درمیانی مہینوں میں، حصص بردار کمپنی کی ویب سائٹ پر **انوسٹر سنٹر** کا سیکشن دیکھ سکتے ہیں۔

# آواز اٹھانے سے متعلق ہماری ذمہ داری

ہم لوگ اپنے قول و فعل کے ذریعہ اعلی اخلاقی معیاروں کو برقرار رکھتے ہیں اور دیگر لوگوں کے ایسے طرز عمل کو چیلنج کرتے ہیں جو ضابطۂ عمل، کاروباری طریق عمل کے رہنما خطوط اور کمپنی کی پالیسیوں سے متصادم ہو۔

## واضح مواصلات ضروری ہیں

ہم میں سے ہر کوئی کمپنی کے اخلاقی طرز عمل کے معیارات، سبھی قابل اطلاق جملہ قوانین اور ضوابط، اور کاروباری طریق عمل کے رہنما خطوط میں نیز کمپنی کی دیگر پالیسیوں، ضابطوں اور رہنما خطوط میں مندرج رہنما خطوط کی تعمیل کے لیے جوابدہ ہے۔

مینیجر حضرات کولگیٹ کے ان افراد کو جن کے ساتھ وہ کام کرتے ہیں یہ معیارات بتانے کے ذمہ دار ہیں، یہ یقینی بناتے ہوئے کہ وہ ایک ایسا ماحول تخلیق کریں جس میں لوگ اخلاقی اور قانونی امور پر آزادانہ طور پر گفتگو کرتے ہوں۔

## اگر آپ کو رہنمائی یا مدد درکار ہو تو آپ کی اعانت کرنے کے لیے ہمارے پاس داخلی وسائل موجود ہیں

ضابطہ ہذا سبھی سوالوں کے قطعی جوابات فراہم نہیں کر سکتا ہے۔ اسی وجہ سے ہمیں بالآخر اس ضمن میں ہر فرد کے اچھی سمجھ بوجھ پر انحصار کرنا چاہیے کہ کمپنی کے اعلیٰ معیارات پر کاربند رہنے کے لیے کیا چیز مطلوب ہے، جس میں اس امر کا شعور بھی شامل ہے کہ مناسب لائحہ عمل پر رہنمائی طلب کرنا کس وقت مناسب ہے۔ اگر آپ کے سوالات ہوں یا اگر کسی مخصوص صورتحال میں بہترین لائحۂ عمل کے بارے میں آپ کو شبہ ہو تو، برائے مہربانی ذیل میں درج وضاحت کے مطابق رہنمائی طلب کریں:

## اگر مجھے مدد درکار ہو تو میں کہاں جاؤں؟

**آپ کا مینیجر**
تشویشات پر بات چیت کرنے کے لیے یا اگر آپ کے سوالات ہوں تو اپنے مینیجر یا اپنی تنظیم کی قیادتی ٹیم کے کسی رکن سے بات کریں۔

**ہیومن ریسورسز**
آپ کا ہیومن ریسورسز کا مقامی نمائندہ مشورہ اور صلاح کے لیے ایک اور گرانقدر وسیلہ ہے۔

**لیگل**
تعمیل کے کسی بھی سوالات کے ساتھ یا قوانین، ضابطوں یا پالیسیوں کی تشریح میں مشورہ/اعانت حاصل کرنے کے لیے گلوبل لیگل آرگنائزیشن کے کسی رکن سے رابطہ کریں۔

**ایتھکس اینڈ کمپلائنس**
سوالات پوچھنے، کسی مخصوص صورتحال پر ضابطہ کیسے لاگو ہوتا ہے اس بابت رہنمائی حاصل کرنے یا امکانی غلط کاری کے سلسلے میں "آواز اٹھانے" کے لیے ایتھکس اینڈ کمپلائنس سے رابطہ کریں۔

## آواز اٹھانے کے لیے ہمت درکار ہے

اگر آپ کو ضابطہ ہذا، کاروباری طریق عمل کے رہنما خطوط یا کمپنی کی دیگر پالیسیوں کی خلاف ورزی کا علم ہے، یا اس کا شبہ ہونے کی معقول وجہ ہے تو، آپ سے اپنے مینیجر، ہیومن ریسورسز، گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس یا گلوبل لیگل آرگنائزیشن کو ان معلومات کی فوری طور پر اطلاع دینے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔ متبادل طور پر، آپ کو انتقام کے خوف کے بغیر بلا جھجک انتظامیہ کے اعلیٰ افسران کے پاس جانا چاہیے۔

**ای میل**
ethics@colpal.com

**ویب ٹول**
https://colpal.ethicspoint.com/

**وائس میل**
(800) 778-6080
(ٹال فری امریکہ کناڈا اور پیورٹو ریکو سے)
+1 (212) 310-2330 (دیگر تمام مقامات سے اکٹھا کریں)

**ڈاک**
Global Ethics & Compliance
Colgate-Palmolive Company
300 Park Ave,
New York, NY 10022

**موبائل ایپ**
CP ایپ اسٹور سے ڈاؤن لوڈ کے لیے دستیاب

**QR کوڈ**

## مجھے کس طرح یقین آ سکتا ہے کہ میرے خلاف کوئی منفی کارروائی نہیں کی جائے گی؟

### عدم انتقام کی پالیسی

یہ کولگیٹ کی پالیسی اور طریق عمل ہے کہ اعلیٰ ترین اخلاقی معیارات کو برقرار رکھا جائے، اور نامناسب یا غیر قانونی طور طریق سے پاک ایک جائے کار تخلیق کی جائے، جس میں لوگوں کو انتقامی کارروائی کے خوف کے بغیر کمپنی کے ساتھ اپنی تشاویش کا اشتراک کرنے کی ترغیب ملے۔ نتیجتاً، کولگیٹ میں، کمپنی کے ضابطۂ اخلاق، کمپنی کی پالیسی یا قابل اطلاق قانون کی مشتبہ خلاف ورزی کے بارے میں شکایت درج کروانے، اس کی اطلاع دینے، اس کی تفتیش میں شرکت کرنے یا اس میں اعانت کرنے پر کسی ملازم، سابق ملازم، ایجنٹ یا تیسرے فریق کے خلاف کوئی مخالفانہ کارروائی نہیں کی جائے گی، الّا یہ کہ عائد کردہ الزام یا فراہم کردہ معلومات کو ارادتاً جھوٹا پایا جائے یا وہ نیک نیتی پر مبنی نہ ہوں۔ زیادہ سے زیادہ ممکنہ حد تک، کولگیٹ سبھی شکایات کی رازداری کو برقرار رکھے گی۔ انتقامی کارروائی کے سبھی الزامات کی تفتیش کی جائے گی، اور مناسب ہونے پر، برخاستگی تک اور اس سمیت، انضباطی کارروائی کی جائے گی۔

گلوبل ایتھکس اور کمپلائنس کو فراہم کردہ سبھی معلومات کا جائزہ لیا جاتا ہے اور، اگر اس کا تعلق ضابطہ سے ہو تو، گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس اور/یا گلوبل لیگل آرگنائزیشن کے ذریعہ معاملے کی بروقت اور پوری طرح سے تفتیش کی جاتی ہے۔ یہ ضروری ہے کہ اطلاع دینے والے افراد خود اپنے طور پر تفتیش نہ کریں، کیونکہ تفتیشات پیچیدہ قانونی امور پر مشتمل ہو سکتی ہیں۔ خود اپنے طور پر کام کرنا کسی تفتیش کی راستبازی کو خطرے میں ڈال سکتا ہے اور آپ اور کولگیٹ دونوں ناموافق طریقے سے متاثر ہو سکتے ہیں۔


جہاں مقامی قوانین اجازت دیں، وہاں پر رپورٹیں گمنام طریقے سے درج کروائی جا سکتی ہیں۔ لیکن، کال کرتے وقت ہم آپ معلومات کو خفیہ رکھنے کے لیے سبھی مناسب اقدامات کرے گی، اور صرف جاننے کی ضرورت کی بنیاد پر ہی معلومات کا افشاء کرے گی جب وہ افشاء:

- ایک مؤثر تفتیش انجام دینے، آپ کے سوالوں کے جواب دینے اور مناسب کارروائی کرنے کے واسطے ضروری ہو؛ یا
- بصورت دیگر قابل اطلاق قانون کے تحت مطلوب ہو۔

رپورٹ یا شکایت ذاتی ڈیٹا کی حامل ہو سکتی ہے۔ خلاف ورزی یا مشتبہ خلاف ورزی کی تفتیش کے مقاصد کے لیے، مقامی قانون کے تابع رہتے ہوئے، کسی ملک میں جمع کردہ ذاتی ڈیٹا کو ریاستہائے متحدہ سمیت، دوسرے ممالک

## گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس کی تفتیش کی کارروائی

کولگیٹ کے لوگوں سے کمپنی کی کسی بھی طرح کی تفتیش میں شامل ہوتے وقت اپنا مکمل تعاون فراہم کرنے کی توقع کی جاتی ہے۔




**تفتیش کار**
کو موضوع کی مہارت اور غیر جانبدار ہونے کی بنیاد پر ذمہ داری سونپی جاتی ہے

**انٹرویوز انجام دیے جاتے ہیں**
اور تفتیش کار کے ذریعہ دستاویزات کا جائزہ لیا جاتا ہے

**حقیقی نتائج**
جمع کردہ معلومات کی بنیاد پر فروغ پاتے ہیں

**اصلاحی کارروائیاں**
نتائج کی بنیاد پر سفارش کی جاتی ہیں


**عمومی تاثر**
تفتیش کے نتیجہ کے بارے میں فراہم کیا جاتا ہے

کو خود کی شناخت کروانے کی ترغیب دیتے ہیں تاکہ تفتیش اور فالو اپ کو آسان بنانے میں ہمیں مدد ملے۔ کچھ ممالک میں ایسے قوانین موجود ہیں جو آپ کے ذریعہ اطلاع دی جا سکنے والی معلومات کی قسم پر پابندی عائد کرتے ہیں۔ اگر آپ کی صورتحال پر یہ قوانین لاگو ہوں تو، گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس کا نمائندہ آپ کو آپ کی کاروباری اکائی میں کسی ایسے شخص کے پاس بھیجے گا جو آپ کے سوال یا تشویش میں آپ کی اعانت کر سکتا ہو۔

تاہم، ذہن میں یہ بات رکھیں کہ اگر آپ اپنی شناخت کروانا چاہتے ہیں تو، کمپنی فرد کی شناخت اور جمع کروائی گئی

میں منتقل کرنا ضروری ہو سکتا ہے۔ ایسی صورتوں میں، اس رپورٹ کی تفتیش کرنے کے لیے گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس کے کاموں میں شرکت کرنے والے کمپنی کے ملازمین اور کولگیٹ کے اداروں کے ذریعہ ذاتی ڈیٹا استعمال کیا جا سکتا ہے، لیکن صرف اتنے عرصے تک جو اس مقصد کے لیے معقول حد تک لازمی ہو (اور اس کے بعد اس طرح کا ذاتی ڈیٹا ضائع کر دیا جائے گا یا صرف کمپنی کی پالیسی یا قانون کے تقاضے کے مطابق سنبھال کر رکھا جائے گا)۔

# کولگیٹ کے افراد جب گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس کے سامنے "آواز اٹھاتے ہیں" تو کیا ہوتا ہے



**ایسی تشویشات کی مثالیں جو عام طور پر گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس کو رپورٹ نہیں کی جانی چاہئیں:**

- بونس پلان یا بونس پے آؤٹ
- پے رول کے مسائل
- چھٹیوں یا تعطیلات کا وقت
- انفرادی مقاصد
- کام کا شیڈول یا شفٹ کی تبدیلی
- حاضری
- طبی یا معذوری کے فوائد

اس طرح کی تشویشات عام طور پر ہیومن ریسورسز کی توجہ میں لائی جانی چاہئیں۔

## انضباطی کارروائیاں کی جا سکتی ہیں

ضابطہ یا کاروباری طریق عمل کے رہنما خطوط کی خلاف ورزی کرنے والے کسی بھی برتاؤ کے لیے کمپنی میں "صفر برداشت" کی پالیسی ہے۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ خلاف ورزی کی توثیق ہو جانے پر، خلاف ورزی کی نوعیت اور سنگینی کے لحاظ سے اقدامات کیے جائیں گے۔

**ممکنہ کارروائیوں کی مثالوں میں درج ذیل شامل ہیں:**

- طریقہ کار میں اصلاحات
- پالیسی کی تیاری یا جائزہ
- مواصلات کی حکمت عملی
- کسی کوچ یا ناصح کی تقرری
- تادیبی کارروائی
- ملازمت سے برطرفی

کمپنی کے کسی بھی فرد یا مینیجر کو ایسے برتاؤ کا مظاہرہ کرنے جس سے اس ضابطہ کی تعمیل نہ ہوتی ہو، یا کسی دوسرے شخص کے ذریعہ اس طرح کے برتاؤ کی اجازت دینے، ہدایت دینے، اسے منظور کرنے یا اس کی معافی دینے، کا اختیار نہیں ہے۔ اسی طرح، کمپنی کا ارادہ ہے کہ ضابطہ یا کاروباری طریق عمل کے رہنما خطوط کی تعمیل نہ کرنے والے برتاؤ کے کسی وقوعہ کو روکا جائے اور جو بھی برتاؤ پیش آ سکتا ہے اس کا پتہ چل جانے کے بعد معقول حد تک جتنی جلدی ممکن ہو اس پر روک لگائی جائے۔ ضابطہ یا کاروباری طریق عمل کے رہنما خطوط کی خلاف ورزی کرنے والے کولگیٹ کے افراد، مقامی قانون کے تابع رہتے ہوئے، برخاستگی تک اور اس سمیت، انضباطی کارروائیوں کے مستوجب ہو سکتے ہیں۔

## ضابطہ ہذا کولگیٹ کے سبھی افراد اور کمپنی کی سبھی سرگرمیوں پر لاگو ہوتا ہے

ضابطۂ اخلاق اور کاروباری طریق عمل کے رہنما خطوط کی تعمیل پر گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ کے ذریعہ نگاہ رکھی جائے گی۔ یہ ڈیپارٹمنٹ ضابطۂ اخلاق اور متعلقہ پروگراموں کی تشکیل، انجام دہی اور نفاذ کے سلسلے میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چیئرمین، صدر اور چیف ایگزیکیٹو آفیسر/اور آڈٹ کمپنی کے چیئرمین کو جوابدہ ہے۔ گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ کو یا دوسرے ذرائع کی معرفت اطلاع کردہ معلومات، حسب مناسبت، رازداری کی بنیاد پر آڈٹ کمیٹی کو پہنچائی جاتی ہیں۔ ضابطہ ہذا کا اطلاق ہر اس شخص پر ہوتا ہے جو کولگیٹ-پامولیو کمپنی اور اس کے ذیلی اداروں کے لیے کام کرتا ہو، بشمول افسران کے۔ ضابطہ کی کاپیاں ہماری اندرونی انٹرانیٹ سائٹ نیز ہماری بیرونی ویب سائٹ، دونوں پر آن لائن دستیاب ہیں۔ دنیا بھر میں کولگیٹ کے افراد سالانہ بنیاد پر ضابطۂ اخلاق کی تربیت اور استناد میں شرکت کر کے تعمیل اور کمپنی کے اخلاقی معیارات کے تئیں اپنی عہد بستگی کا اظہار کرتے ہیں۔

# کیا آپ کا کوئی سوال ہے؟
# آئیے ہم آپ کی درست سمت میں رہنمائی کر دیتے ہیں۔

تحائف دینے یا حاصل کرنے
سے متعلق کمپنی کے
رہنما خطوط
کیا ہیں؟

میں انتقامی کارروائی سے متعلق
فکر مند ہوں۔
کمپنی کی
پالیسی کیا ہے؟

کولگیٹ کے افراد کے ذریعہ سوشل
میڈیا کے استعمال سے متعلق
کمپنی کی توقعات کیا ہیں؟

لوگوں کے ایک مینیجر کی حیثیت
سے، کس طرح میں اخلاقی قیادت
کا مظاہرہ کرتا ہوں؟

ہراساں کرنے سے متعلق
کمپنی کی
پالیسی کیا ہے؟

اگر مجھے
"آواز اٹھانے" کی ضرورت ہو
تو میرے پاس کون سے اختیارات
دستیاب ہیں؟

کیا میرے لیے کولگیٹ
سے باہر کوئی دوسری ملازمت
حاصل کرنا درست ہے؟

حقِ ملکیت کی
معلومات کیا ہوتی ہیں؟

COLGATE-PALMOLIVE COMPANY

300 Park Avenue
New York, NY 10022
212-310-2000
www.colgatepalmolive.com